ذیل میں مکمل نقش درج ہے۔ تکمیل عمل تک تمام مراحل آپ کو مرحلہ وار سمجھا دیئے گئے ہیں۔ جو خواتین و حضرات تیار کرنا چاہیں تیار کر سکتے ہیں۔ بشرطیکہ عملیات کی سمجھ ہو۔ ناسمجھ صرف اپنا نقصان ہی کرتا ہے۔ سمجھ ہے تو ہماری طرف سے کوئی رکاوٹ نہیں۔ اس حوالے سے آپ ادارہ راہنمائے عملیات سے بھی رجوع کر سکتے ہیں۔ نقش پلانے کے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

نقش آبی چال

خ اا ل م وص ارس ک ح ھ ای ق ع رط اس ٹ ح ھ ق ون ر

۵۲۴۶۰	۵۲۴۴۶	۵۲۴۵۳	۵۲۴۵۶
۵۲۴۵۲	۵۲۴۵۷	۵۲۴۵۹	۵۲۴۴۷
۵۲۴۵۴	۵۲۴۵۱	۵۲۴۴۸	۵۲۴۶۲
۵۲۴۴۹	۵۲۴۶۱	۵۲۴۵۵	۵۲۴۵۰

خ اا ل م وص ارس ک ح ھ ای ق ع رط اس ٹ ح ھ ق ون ر

خ اا ل م وص ارس ک ح ھ ای ق ع رط اس ٹ ح ھ ق ون ر

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

ملنسوبی کی روشنی میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

عبدالحئی راٹھور

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 دسمبر

رواں دنوں میں آپ ذہنی پریشانی کا شکار رہیں گے۔ اکثر اوقات غصے اور لڑائی کی حالت میں رہیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام حاصل نہ کر پائیں گے۔ رواں دنوں میں خواہشات اور اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے کی جانے والی کوششوں کے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ شریک کار کی طرف سے مالی بہتری کے لیے کوئی مدد نہ ملے گی۔ رواں عرصہ میں شریک حیات کے ساتھ اندرون ملک سفر ممکن ہے۔ یہ سفر ملازمت کے سلسلے میں بھی ہو سکتا ہے۔ اولاد کو آپ کی جس توجہ کی ضرورت ہے آپ کی طرف سے ذمہ داری پورے طور پر ادا نہ کی جائے گی۔

9 تا 16 دسمبر

ذاتی اور شراکتی کاروبار سے منسلک افراد اپنے کام میں بہتری کے لیے جو محنت کر رہے ہیں ان کی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ زمین و جائداد، گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرنے کے لیے یہ وقت آپ کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا۔ انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ اپنی پڑھائی کی طرف کم رہے گی۔ حکومتی اداروں یا عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ آپ کو اپنی خواہشات کو پوری کرنے کے لیے تھوڑی بہت محنت کرنا ہوگی۔ لیکن آپ کی زیادہ تر خواہشات باآسانی پوری ہو جائیں گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔

17 تا 24 دسمبر

سفر کرتے نظر آ رہے ہیں یہ سفر ذاتی

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہو گا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:.....

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓہٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَۃِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَ سُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

عددی جدول

ا ی ق غ	۱
ب پ ک گ ر ژ	۲
ج چ ل ش	۳
د ڈ م ت ٹ	۴
ھ ن ث	۵
و س خ	۶
ز ڑ ع ذ	۷
ح ف ض	۸
ط ص ظ	۹

مثال

اکبر ا ک ب ر

۱ ۲ ۲ ۲ = ۷

لال کتاب

لال کتاب کا یہ ترمیم شدہ ایڈیشن 1942ء میں شائع ہوا تھا۔ یہ کتاب ایک نایاب اور نہ دستیاب کتب میں شامل ہوتی ہے۔ جن کے پاس ہے بھی اُن کے پاس بھی کتاب کے مکمل صفحات نہیں ہیں۔ ادارے نے زرکثیر صرف کر کے اس کتاب کے تمام گمشدہ اوراق حاصل کر لیے ہیں۔ اب یہ مکمل حالت میں علوم مخفی کے ماہرین کے لیے دستیاب ہے۔ یہ کتاب پنڈت شرما گردھاری لال کی تحریر کردہ ہے۔ جو کہ خاندانی پنڈت اور نجومی تھے۔ علم نجوم اور علم سامدرک کے موضع پر یہ ایک ایسی کتاب ہے جس کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اس کتاب کے ذریعے ہاتھ کی لکیروں سے بھی جنم کنڈلی بنائی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی فرد کے حالات و واقعات زندگی معلوم کیے جاسکتے ہیں۔ ایک نادر اور نایاب قدیم کتاب۔ حوالہ نمبر:2 قیمت:1100

کام کے سلسلے میں بھی ہوسکتا ہے اور عمرہ وغیرہ کے لیے بھی۔ اپنی خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے آپ کو سخت محنت کرنا ہوگی۔ کاروباری اور انعامی سکیموں سے منسلک افراد کی منافع حاصل کرنے کی تمنا پوری نہ ہو سکے گی۔ دوران ڈرائیونگ احتیاط کی ضرورت ہے۔ حادثہ کا اندیشہ ہے۔ شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ ذہنی پریشانی کا شکار ہیں تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ پانی کا استعمال کم رہے گا۔ نیز صحت میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ خط و کتابت اور انٹرنیٹ کا استعمال زیادہ کریں گے۔ علوم مخفی کی طرف رجحان بڑھے گا۔ (اس حوالے سے ہمارے ادارے کی کتب اور کورسز آپ کے لیے مددگار ثابت ہوگا)۔

25 تا 31 دسمبر

ملازمت پیشہ افراد کو اپنی کسی غلطی کی وجہ سے نوکری سے ہاتھ دھونا پڑ سکتا ہے یا بات نوکری چھوڑنے تک پہنچ جائے۔ بہت ممکن ہے کہ آپ کے خلاف سازش کی گئی ہو۔ قانونی معاملات نتیجہ خیز شکل اختیار نہ کر سکیں گے۔ کاروباری افراد کام میں بہتری کے لیے محنت کرتے نظر آ رہے ہیں نیز ان کو محنت کا پھل بھی ضرور ملے گا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی پیدا ہو گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، ریس وغیرہ کھیلنے والے افراد کو ان کاموں سے مالی آمدن ہو گی۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ چند ایک پرانے دوستوں سے ملاقات بھی ہوگی۔ مکان یا سواری کی خریداری کرنے کے لیے جانا ہوگا۔ علاوہ ازیں کافی امکانات ہیں کہ آپ خرید لیں۔

سعد تاریخیں	7-12-21-25
نحس تاریخیں	2-3-9-30
لکی نمبر	3-5-9

ثور

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 دسمبر

رواں دنوں میں گھر یا سواری کی فروخت کرتے ہیں تو آپ کو اُمید کے مطابق قیمت نہ مل سکے گی۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ دن فائدہ لے کر آ رہے ہیں، لیکن شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو پریشانی کا سامنا ہوگا۔ انعامی نمبر، بانڈ، میچ وغیرہ کے ذریعے دولت کا حصول ممکن ہوگا۔ کسی کو اپنی عقل کے ذریعے دھوکہ دے کر فائدہ حاصل کر لیں گے۔ گھریلو معاملات خراب رہیں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری نہ آ سکے گی۔ آپ کی یہ خواہش کہ آپ کی عزت و شہرت میں اضافہ ہو، پوری ہو جائے گی۔ اخراجات آمدنی سے زیادہ ہوں گے۔ قانونی معاملات آپ کے حق میں حل نہ ہو سکیں گے۔

9 تا 16 دسمبر

ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی، لیکن شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف پہلے کی نسبت زیادہ رہے گا۔ آپ کے اخراجات میں معمولی سا اضافہ ہوگا۔ صحت کے حوالے سے پریشانی ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی مسئلہ کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ ان کی خواہش کے مطابق حل ہو جائے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔

17 تا 24 دسمبر

گھریلو معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ آپ کی پریشانیوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ عمومی طور پر مالی حالات بہتر رہیں گے۔ کاروباری افراد کو کام کو مستقل مزاجی بنیادوں پر قائم رکھنے کے لیے سخت محنت کرنا ہوگی۔ منگنی، نکاح کی رسومات کی ادائیگی کے لیے موثر وقت نہیں ہے۔ صحت یاب ہوتے نظر آ رہے ہیں نیز خوراک کی طرف بھی خاص دھیان دیں گے۔ حکومتی افسران سے وابستہ کام کے حل کی اُمید کرنا بے کار ہوگا۔ آپ کا بات چیت کا لہجہ نرم اور محبت بھرا رہے گا۔ وہ افراد جو رہائش کی تبدیلی کے بارے میں سوچ رہے ہیں یا وہ افراد جو نئی سواری یا موبائل خریدنا چاہتے ہیں تو ان کو چاہیے کہ اس حوالے سے کوئی بھی حتمی فیصلہ نہ لیں، وہ فیصلہ پریشانی

کے سوا کچھ نہ دے گا۔

25 تا 31 دسمبر

مالی معاملات میں تنگی کا سامنا رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر، ریس وغیرہ کے ذریعے پیسہ حاصل کرنے کی کوشش کرنا فضول ہے کیونکہ آپ کا کوئی انعام نکلنے کی اُمید نہیں ہے۔ قانونی معاملات میں آپ کی دخل اندازی بڑھے گی نیز اس حوالے سے خوشخبری سننے کو مل سکتی ہے۔ پیسہ کمانے کی غرض سے سفر کے لیے جانا ہوگا۔ لوگوں کے ساتھ زبانی کلامی لڑائی جھگڑے ہوں گے۔ آپ کو یار دوستوں سے اپنی بات منوانے کے لیے کافی زیادہ محنت کرنا ہوگی۔ قرض لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو اس میں کامیابی کی اُمید نظر نہیں آ رہی۔ عبادات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں گے۔ طالب علموں کو تعلیم کے حوالے سے درپیش مسائل بھی دور ہو جائے گی۔

سعد تاریخیں	18-23-27-28
نحس تاریخیں	4-12
لکی نمبر	1-5-9

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 دسمبر

اس عرصہ میں آپ کے تعلقات اپنے دوستوں کے ساتھ بگڑ جائیں گے۔ اولاد کی طرف آپ اپنی خاص توجہ رکھیں اور یہ اپنے مسائل کو بیان کریں گے۔ ساتھ کام کرنے والے آپ کے خلاف مختلف حرکتیں کرتے رہیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم پر رہے گی لیکن اگر آپ کو تعلیم کے حوالے سے بہن بھائیوں سے مدد درکار ہے تو وہ نہ مل سکے گی۔ وہ افراد جو بیرون ملک سفر کے لیے کوشاں ہیں ان کو چاہیے کہ اپنی کوششوں کو جاری رکھیں۔ رواں دنوں میں بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ صحت میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ کھانے پینے کے معاملات میں احتیاط کریں۔

9 تا 16 دسمبر

قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس عرصے میں مل تو جائے گا، لیکن جس مقصد کے لیے لینا چاہتے ہیں اس میں کامیابی نہ مل سکے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف رہے گا۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے لیکن دوران سفر آپ کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قانونی، عدالتی اور وراثتی مسائل حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ اگر آپ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں بہتری آئے گی۔ اولاد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔

17 تا 24 دسمبر

علوم مخفی کی گہرائیوں میں داخل ہونے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ سیر و تفریح کی خواہش میں شدت پیدا ہوگی نیز امکانات قوی ہیں کہ آپ سیر و تفریح کے لیے جائیں۔ ظاہری اور خفیہ دشمن آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آ رہے ہیں۔ اخراجات پر قابو نہ پا سکیں گے۔ چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ مل بیٹھ کر کھانا میں پیش کریں گے۔ کسی پریشانی یا مسئلہ کے حل کے لیے ان سے ضرور رابطہ کریں۔ انشاء اللہ یہ آپ کا مسئلہ یا پریشانی دور کر دیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ پیار و محبت میں اضافہ ہو گا۔ طالب علموں کا بھی تعلیم کی طرف رجحان بڑھے گا۔

25 تا 31 دسمبر

کاروباری افراد کی مالی فائدہ حاصل کرنے کے لیے کی گئی کوششیں ناکام ثابت ہوں گی۔ گھریلو معاملات اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری کی کوئی توقع نہیں ہے۔ اکثر موقعوں پر آپ غصے / جذبات میں آ کر کوئی غلط حرکت یا فیصلہ کر لیں گے۔ سفر کرتے نظر آ رہے ہیں۔ انعامی نمبر، میچ وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے بھی مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کے نوکری کے حوالے سے مسائل حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے محنت کریں گے۔ علاوہ ازیں کامیابی کی توقع بھی ہے۔ سواری یا مکان وغیرہ خریدنا چاہتے ہیں تو اس عرصہ میں اس کام سے باز رہیں۔ اولاد کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔

سعد تاریخیں	2-3-12-21-25-30
نحس تاریخیں	7-14-15
لکی نمبر	4-6-8

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 دسمبر

آپ کی آسان ذرائع سے پیسہ کمانے

کی خواہش آپ کے ہاتھ میں موجود رقم بھی ضائع کروائے گی۔ وہ افراد جو قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں ان کو رواں دنوں میں قرضہ مل جائے گا۔ تعلیمی حوالے سے بہن بھائیوں یا یار دوستوں کی مدد درکار ہے تو وہ آپ کی مدد ضرور کریں گے۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے۔ لیکن ایسی مشکلات آپ کے سامنے آ جائیں گی کہ آپ جا نہ سکیں گے۔ رواں دنوں میں آپ گھر والوں کے ساتھ وقت گزارنا زیادہ پسند کریں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا اور اسی وجہ سے آپ کے اکثر کام حل نہ ہو سکیں گے۔ صحت بہتر رہے گی اور کھانے پینے کی طرف دھیان رہے گا۔

9 تا 16 دسمبر

طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ قرضہ لینے کے بارے میں سوچ رہیں ہیں تو کوشش کریں مل جائے گا۔ شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس اور شریک حیات کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ سیر و تفریح کے لیے کم ہی جائیں گے۔ ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کو اس عرصے کے دوران پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ڈیل کے بغیر حل نہ ہو پائیں گے۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ آپ کے تھوڑے بہت اخراجات بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں پر ہوں گے۔ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں پہلے کی نسبت بہتری آئے گی۔

17 تا 24 دسمبر

کسی سے رقم قرض کے طور پر لیتے ہیں یا کوئی اور اشیاء اُدھار پر لینے کی کوشش کرتے ہیں تو آپ کا کام آسانی سے حل ہو جائے گا۔ گھریلو معاملات بھی ٹھنڈے رہیں گے۔ آپ اپنا وقت خاندان کے لوگوں کے ساتھ گزارنا پسند کریں گے۔ طالب علموں کا تعلیم کی طرف دھیان نظر نہیں آتا۔ انعامی سکیمیں، جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو نقصان ہی ہو گا۔ اُمیدوں و خواہشات کو پورا کرنے کے لیے آپ کوئی محنت کرتے نظر نہیں آتے۔ وہ افراد جو ذاتی کاروبار کا آغاز کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے یہ وقت بہترین ہے۔ ملازمت پیشہ افراد اگر کہیں اور ہاتھ پاؤں مارتے ہیں تو اپنے مالی حالات میں بہتری لا سکتے ہیں۔

25 تا 31 دسمبر

سفر کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ کیونکہ اگر آپ سفر کرتے ہیں تو آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی نہ مل سکے گی نیز سامان چوری ہونے کا اندیشہ بھی ہے۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ کا اندیشہ ہے۔ اولاد کی طرف رجحان زیادہ رہے گا۔ نیز ان کے ساتھ مل بیٹھ کر باتیں کریں گے اور خوشی محسوس کریں گے۔ ذہنی طور پر پریشانی کا شکار ہیں تو وہ کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ کاروباری افراد کے کام میں تیزی آئے گی، نیز ان کے مالی معاملات بھی بہتر رہیں گے۔ وہ افراد جو کرایہ داروں کی تلاش میں ہیں ان کو بہتر کرائے دار ملنے کی توقع ہے۔ برے خواب آئیں گے۔ صدقہ خیرات کریں۔

سعد تاریخیں	18-23-27-28
نحس تاریخیں	2-3-9-17-30
لکی نمبر	0-5-9

مومی خوشبوئیں

042-36374864
0300-8442060

مومی خوشبو عموماً کپڑوں یا جسم پر لگائی جاتی ہے ان کی خوشبو جہاں بہت سستی ہے، وہاں کافی وقت تک قائم رہتی ہے۔ عام استعمال کیلئے بھی مفید ہیں۔

قسم خوشبو	قیمت
مشک	75
عنبر	75
عنبر خاص	200

www.khalidrathore.com Rehnuma-e-amliyat

اسد

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8 دسمبر

رواں دنوں میں آپ اپنی ذات پر خاص توجہ دیں گے۔ علاوہ ازیں ذہنی پریشانی کا سامنا بھی رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ شریک کار کی طرف سے مالی مدد ملتی نظر آ رہی ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ توقعات اور کام حل نہ ہو سکیں گے۔ طالب علموں کو چاہیے کہ دوسرے کاموں کے ساتھ ساتھ تعلیم کی طرف بھی توجہ

دیں۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ سیر وتفریح اور شادی بیاہ کے سلسلے میں اندرون ملک سفر ممکن ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کے اپنے ساتھ کام کرنے والے لوگوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے، اوران سے وابستہ کام بھی حل ہو جائیں گے۔

9تا 16دسمبر

آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ ملازمت پیشہ اور کاروباری حضرات کو اگر کام میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ بھی کافی حد تک حل ہو جائے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ ہوگا۔ لیکن وہ منافع آپ کی اُمید سے کم ہوگا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ نہ مل سکے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام، ڈیل کے بغیر حل نہ ہوسکیں گے۔ صحت کے حوالے سے پریشانی تھی وہ بھی دور ہو جائے گی۔ وراثت کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہو گا۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔

17تا24دسمبر

خاندان کے لوگوں اور شریک حیات سے مختلف باتوں پر اختلاف رہے گا۔ ذہن پر دباؤ رہے گا اور ذہن مختلف خیالات کا مرکز بنا رہے گا۔ کاروباری افراد کے لیے یہ وہ وقت انتہائی کڑا ثابت ہوگا۔ اس دوران آپ کی جمع پونجی بھی استعمال ہوتی نظر آتی ہے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ عبادات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں گے۔ اولاد کو گھومانے پھرانے کے لیے لے کر جائیں گے۔ سواری یا جائیداد کی فروخت کے لیے مناسب وقت نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کی جائے۔ اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے محنت کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔

25تا31دسمبر

آپ کی خواہشات کے پورے ہونے کی اُمید نظر نہیں آتی۔ مالی معاملات کو لے کر بھی پریشانی آئے گی۔ بانڈ نمبر، بیج وغیرہ کے شوقین افراد کا اس عرصہ میں انعام نکلتا نظر آرہا ہے۔ ادھار یا قرض دینے سے گریز کریں رقم با آسانی واپس نہیں ملے سکے گی۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ بچوں کی طرف رجحان بڑھے گا۔ ان کی پرورش پر بھی آپ خاصی توجہ دیں گے۔ وراثتی معاملات دوبارہ زیر بحث آئیں گے، لیکن کوئی حتمی فیصلہ نہ ہوسکے گا۔ آپ دینی ودنیاوی دونوں طرح کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے۔

سعد تاریخیں	7-17-21-25
نحس تاریخیں	4-12
لکی نمبر	0-1-8



عرصہ حکومت	24اگست تا22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8دسمبر

اندرون ملک سفر کرنا اس وقت آپ کے لیے مناسب نہیں ہے، کیونکہ دوران سفر آپ کا سامان کھونے یا حادثہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ مالی حالات بہتر رہیں گے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ تعلیمی حوالے سے بڑے، بہن بھائیوں کی اور دوستوں کی مدد درکار ہے تو وہ ضرورت پر ملتی رہے گی اور اگر تعلیمی حوالے سے کسی مشورے اور راہنمائی کی ضرورت ہے تو ان سے رابطہ کریں، حل مل جائے گا۔ وہ افراد جو مستقل بیماری کا شکار ہیں، ان کو رواں دنوں میں صحت کے حوالے سے خاص طور پر محتاط رہنا ہوگا۔ سیر وتفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو اور مزاج خوشگوار رہے گا۔ قانونی معاملات کا فیصلہ رواں عرصہ میں ہوتا ہے تو وہ پوری طرح آپ کی خواہش کے مطابق نہ ہو گا۔

9تا 16دسمبر

مخالفوں اور دشمنوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ آپ کے خلاف سازش کرتے نظر آتے ہیں۔ انعامی سکیمیں بانڈ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ آپ کا رجحان عشق ومحبت جیسے کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ آپ کے تعلقات اپنے بڑے، بہن بھائیوں کے ساتھ بہتر نہ ہوں گے۔ قیمتی اشیاء زیورات وغیرہ کی خرید وفروخت آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گی۔ اگر قانون سے وابستہ کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ اگر آپ نوکری کی تلاش میں ہیں تو وہاں پر بھی ضرور کوشش کریں، جہاں آپ کے خاندان میں سے پہلے کوئی نوکری کر چکا ہو یا کر رہا ہو۔

17تا24دسمبر

ظاہری اور خفیہ دشمن آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آتے ہیں، نیز ان میں سے چند ایک کو یہ عملی شکل بھی دیں گے۔ آپ کے پاس موقع ہے کہ گھریلو معاملات کو قابو میں کریں۔ اور معاملات کو سلجھانے کی کوشش کریں۔ قرض دی ہوئی رقم اگر مقررہ وقت پر نہیں ملی تو اب آپ کوشش کریں تو رقم واپس ملنے کی توقع ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے مسائل کا باعث بنتا نظر آتا ہے۔ کاروباری افراد کی بھی کام میں مصروفیت بڑھے گی۔ گاہکوں کا

لوح نورانی

روحانیات میں حروف مقطعات ونورانی کو غیر معمولی مانا جاتا ہے۔ اِن کے اسرار ہر کسی پر الگ طریقے سے منکشف ہوتے ہیں اور ہر ایک کا مکاشفہ ومشاہدہ اِن کی روحانیت کے حوالے سے الگ ہے۔ قرآن عظیم کی متعدد سورتوں کی ابتداء اِن سے ہوتی ہے۔ یہ اپنے اسرار کے ساتھ ہر سعد ونیک کام کے حوالے سے عملیاتی وروحانی موثریت کے حامل ہیں۔ کوئی بھی امر ہو اس کے لیے اِن کو مجرب وموثر پایا گیا ہے۔ میدان عملیات میں حروف نورانی جنہیں حروف مقطعات بھی کہا جاتا ہے کو غیر معمولی سعادت اور برکت کا حامل مانا جاتا ہے۔ کسی کی بہتری کے لیے کوئی بھی مثبت عمل کرنا ہو، نوکری، روزگار، بزنس، اولاد، سفر، خوش قسمتی، صحت تندرستی، تعلیم حافظہ عقل ودانش، روحانیات، ردسحر، تحفظ یا جو بھی کوئی اور نیک مقصد ہو اس کے حصول کے لیے حروف نورانی کو ہمیشہ مقدم مانا گیا ہے۔ کلام الٰہی کے یہ رمزیہ حروف جس سعادت کے مظہر ہیں اس کو سامنے رکھتے ہوئے حروف نورانی کی حرفی تکسیر کی بنیاد پر یہ لوح تیار کی گئی ہے۔ اس لوح کی خصوصیت یہ ہے کہ آپ اسے کسی بھی مقصد یا کسی بھی کام میں کامیابی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ وہ جو حروف نورانی کی برکتوں سے فیض یاب ہونا چاہیں وہ خاص اوقات میں تیار کردہ اس بابرکت لوح یا نقش کو حاصل کر سکتے ہیں۔

آنا جانا رہے گا۔ جسمانی بیماری کا شکار ہوتے نظر آتے ہیں۔ آپ کو اکثر برے خواب آئیں گے۔ سفید چنے بطور صدقہ کسی ضرورت مند کو دے دیں۔

25 تا 31 دسمبر

کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے تنگی کا سامنا رہے گا۔ علاوہ ازیں نئے کاروبار کے آغاز کے لیے سعد وقت نہیں ہے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، نمبر، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ وہ افراد جو وراثتی معاملات کی وجہ سے پریشان ہیں ان کے مسائل میں کمی آئے گی۔ وراثتی معاملات کا کوئی نہ کوئی حل ضرور نکل آئے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ آپ گھر میں رہنا اور گھر کے لوگوں کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ میل ملاقات زیادہ رہے گی۔ نیز سیر وتفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ حکومتی افسران سے کام کے حل کے لیے توقعات رکھنا بے کار ہیں، یہ آپ کا کوئی کام بھی نہ کریں گے۔

سعد تاریخیں	18-23-27-28
نحس تاریخیں	7-14-15
لکی نمبر	0-5-8

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ط

خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 دسمبر

یہ وقت کچھ ایسا ہے جو ظاہر کر رہا ہے کہ آپ کو کامیابی دوسرے لوگوں کی بجائے ذاتی کاوش کی وجہ سے ملے گی۔ مالی معاملات کو کنٹرول کرنے اور خراب ہوتے گھریلو معاملات کو لے کر آپ پریشان رہیں گے۔ یہ عرصہ رشتے داروں اور ہمسایوں سے بہتر تعلقات کا اظہار کر رہا ہے۔ بچوں کے معاملات میں دلچسپی لیں گے۔ رواں دنوں میں آسان ذرائع سے آمدن حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ گاڑی چلاتے یا سڑک پار کرتے ہوئے دھیان کرنا چاہیے، راہ جاتے لڑائی مول لینے اور جان کو مشکل میں ڈالنے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ وہ افراد جو بیرون ملک سفر کے لیے کوششیں کر رہے ہیں ان کو رواں دنوں میں اسی حوالے سے کوئی نہ کوئی خوشخبری سننے کو ضرور ملے گی۔

9 تا 16 دسمبر

زمین وجائیداد وغیرہ کی خرید وفروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ انعامی سکیمیں بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں بھی آپ کو مالی فائدہ ہو گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں ملتا نظر آ رہا ہے۔ اگر آپ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو آپ کی صحت میں بہتری آئے گی۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں مسائل کا سامنا ہوگا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

17 تا 24 دسمبر

سفر کرنے کے لیے بہتر وقت ہے۔ نیز تجارت کے سلسلے میں سفر کرنا مالی فائدہ لاتا نظر آ رہا ہے۔ صحت خراب ہے تو علاج جاری رکھیں، ورنہ بیماری طوالت اختیار کر جائے گی۔ انداز گفتگو میں سختی کا عنصر شامل رہے گا۔ انعامی سکیمیں، میچ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے۔ اُمیدوں اور خواہشات کو پورا کرنے کے لیے سخت محنت کرنا ہوگی۔ عبادات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بڑھے گی۔ یار دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کا پلان بنائیں گے لیکن کسی وجہ سے آپ جا نہ پائیں گے۔

25 تا 31 دسمبر

بیرون ملک سفر کرنا کسی صورت بھی موثر ثابت نہ ہوگا۔ کیونکہ دوران سفر آپ کافی پریشانیوں اور مسائل سے گھیرے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ملازمت پیشہ لوگ کام کے حوالے سے لاپرواہی کا مظاہرہ کریں گے۔ جو ان کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا کیونکہ آپ کی اس کمزوری سے آپ کے مخالف اور دشمن فائدہ اٹھائیں گے اور آپکے لیے مسائل پیدا کریں گے۔ گھریلو سکون میسر آئے گا۔ انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بڑھے گی۔ نیز بہن بھائیوں اور والدین کی طرف سے بھی راہنمائی ملے گی۔ نئے شادی شدہ جوڑے کو ایک دوسرے کو سمجھنے کے لیے بہتر وقت ہے۔ علاوہ ازیں شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے/گی۔

سعد تاریخیں	7-12-21-25
نحس تاریخیں	9-17
لکی نمبر	3-5-7

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 دسمبر

زیادہ کام کی وجہ سے صحت متاثر ہو سکتی ہے لہذا محتاط رہیں اور ضرورت کے مطابق کام کریں۔ اس عرصہ میں آپ کو اپنے ساتھ کام کرنے والے لوگوں اور ملازمین کے ساتھ بہت دھیان سے کام کرنا اور لینا پڑے گا۔ کیونکہ ان کی طرف سے آپ کو تعاون آسانی سے نہ مل سکے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ کام کے دوران لوگوں سے اُلجھنے کی صورت میں آپ کو جسمانی نقصان بھی پہنچ سکتا ہے اور خود بھاری سامان وغیرہ اٹھانے سے گریز کریں، چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ اولاد کی طرف آپ کی زیادہ توجہ رہے گی اور اس وجہ سے یہ اپنے چھوٹے سے چھوٹے مسائل بھی آپ کو بیان کریں گے۔ فضول اخراجات میں کمی آئے گی۔

9 تا 16 دسمبر

آپ کے تعلقات اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام اس عرصے میں حل نہ ہو سکیں گے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ آپ اپنے دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں، حل ہو جائیں گے۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ بہتر رہیں گے۔

17 تا 24 دسمبر

ملازمت پیشہ افراد کو کام کے حوالے سے کسی قسم کی پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے۔ آپ کے ساتھ کام کرنے والے لوگ آپ کے خلاف سازشیں کرنے کی کوشش کریں گے۔ لیکن آپ ان سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو فائدہ حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کرنا پڑے گی۔ صحت اور خوراک پر خاص توجہ دیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ ذہنی پریشانی کا شکار بھی رہیں گے۔ اخراجات بے قابو ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ سواری یا جائیداد کی فروخت کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ آپ کو اُمید کے مطابق قیمت نہ مل گی، نیز اس بات کے امکانات بھی ہیں کہ وہ شخص آپ کے ساتھ بے ایمانی کی کوشش کرے۔

25 تا 31 دسمبر

بیماری طوالت اختیار کر جائے گی۔ آپ کو دوا کے ساتھ ساتھ روحانی علاج کی ضرورت بھی ہے (اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں)۔ جوا، گھڑ سواری کھیلنے سے باز رہیں آپ کو کامیابی ملنے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ قانونی معاملات کو لے کر پریشان ہیں تو اب آپ کے پاس وقت ہے کہ جب آپ کو ان کا ایک بہتر حل مل جائے گا۔ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ لوگوں کے ساتھ بول چال بڑھے گی۔ کسی کو قرض نہ دیں۔ کیونکہ وہ رقم واپس ملنے کی کوئی اُمید نظر نہیں آتی۔ رشتے داروں اور ہمسایوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ منگنی، نکاح کرنے کے لیے بھی سعد تاریخیں ہیں۔

سعد تاریخیں	23-27-28
نحس تاریخیں	4-12
لکی نمبر	1-5-9

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 دسمبر

اجنبی لوگوں سے ملاقاتیں رہیں گی اور اس وجہ سے آپ کافی سکون محسوس کریں گے۔ خواہشات آسانی سے پوری ہوں گی۔ دوستوں اور بڑے، بہن بھائیوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ جس کی وجہ سے بہت سے معاملات چٹکی بجاتے ہی حل ہو جائیں گے۔ اس ہفتہ میں اخراجات بڑھ رہے ہیں اور زیادہ تر آسائشی اور آرائشی ضروریات پر روپیہ خرچ ہوگا۔ کسی دوسرے شہر کا سفر کرنا پڑے گا مگر اس وجہ سے کوئی خواہش پوری ہو جائے گی۔ اپنے ہم رتبہ اور ملنے والوں سے تعلقات بہتر رہیں گے۔ قانونی نوعیت کے مسائل کا فیصلہ رواں دنوں میں ہونا آپ کے لیے پریشانی کا باعث ہوگا۔ خط و کتابت اور کمپیوٹر کا طرف رجحان زیادہ رہے گا۔

9 تا 16 دسمبر

آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ آپ کی اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ نیز آپ کا اپنے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ انعامی سکیمیں کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ لیکن آپ کی پوری دلچسپی انعامی سکیموں اور بانڈ وغیرہ کی طرف نہ ہوگی۔ اولاد کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی رہے گی۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ گاڑی، زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے نقصان دے رہے گا۔ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو آپ کو تھوڑی بہت پریشانی کا سامنا ہوگا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو کامیابی نہ مل سکے گی۔

17 تا 24 دسمبر

شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کریں، کیونکہ دوران سفر آپ کو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اُمیدوں کو عملی شکل دینے کے لیے بہترین وقت ہے۔ آپ کے پاس ایسے موقع آئیں گے کہ آپ اپنی اُمیدوں کو سچ کی شکل دے دیں۔ چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ آپ کو برے خواب آئیں گے۔ دال صدقے کے طور پر دیں۔ شراکتی بنیادوں پر کیے گئے کام آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ قانونی معاملات کا شکار ہیں تو جتنا ہو سکے ان سے بچیں کیونکہ یہ آپ کو پریشانی کے سوا کچھ نہ دیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ کھانے پینے کے لیے جائیں گے۔

25 تا 31 دسمبر

کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت اپنے ساتھ مسائل لے کر آ رہا ہے۔ یہ وقت ان کے لیے سخت ثابت ہوگا۔ اس دوران آپ کی جمع پونجی آپ کے اخراجات پورے کرنے میں کام آئے گی۔ انعامی سکیمیں، جوا، ریس وغیرہ کھیلنے والے افراد انعام حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ صحت میں بہتری آئے گی۔ نیز خوراک کی طرف بھی خاص توجہ دیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کے لیے جائیں گے۔ حکومتی افسران سے متعلق کام ہونے کی کوئی توقع نہیں۔ سواری، جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کی ڈیل کرتے ہیں تو یہ حتمی شکل اختیار نہ کر سکے گی۔ نیز مخالف شخص کی نیت بھی صاف نہیں ہے، آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کرے گا۔

سعد تاریخیں	2-3-12-17-25-30
نحس تاریخیں	4-14-15
لکی نمبر	0-3-8

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 دسمبر

گفتگو اور انداز میں تیزی رہے گی۔ جس کی وجہ سے بہت سارے معاملات طے کرنے میں آسانی ملے گی۔ جن لوگوں کے جائیداد کے تنازعات چل رہے ہیں وہ بھی شدت اختیار کر جائیں گے۔ گرد و نواح کے علاقوں میں سفر کا موقع ملے گا۔ آپ کے تعلقات بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ ٹھیک نہ رہیں گے۔ ان کی طرف سے بدتمیزی کا مظاہرہ ہونے کا بھی امکان ہے۔ دوران ڈرائیونگ حادثے کا امکان ہے۔ روپیہ پیسہ کے معاملات میں آسانی آنا شروع ہو جائے گی۔ جہاں پہلے صرف اپنے رعب سے معاملات کو حل کر رہے تھے وہاں اب حکمت اور پیار کا سہارا بھی لیں گے۔ لین دین کے معاملات میں لوگوں پر اعتبار مت کریں۔

9 تا 16 دسمبر

ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں خاص طور پر بہتری آئے گی۔ اگر ان کو کاروبار میں کسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو مسئلہ کافی حد

تک حل ہو جائے گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو قرضہ ملتا نظر نہیں آ رہا۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو اس عرصے میں دور ہو جائے گی۔ اگر اولاد جوان ہے تو ان کے باعث آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ انٹرلیول اور اس کے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ کھیل کی طرف کم رہے گی۔

17 تا 24 دسمبر

مالی معاملات میں اونچ نیچ آتی رہے گی۔ قرضہ لینے کی کوششیں کر رہے ہیں تو وہ ملنے کی اُمید ہے۔ کاروباری افراد کے کام میں تیزی رہے گی، لیکن وہ بہت زیادہ فائدہ حاصل نہ کر پائیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو فائدہ حاصل نہ کر پائیں گے۔ افسران اعلیٰ سے وابستہ کام کے حل کے لیے بہترین وقت ہے یہ آپ کے کام آسان سے حل کر دیں گے۔ غیر ضروری اخراجات پر قابو پاتے نظر آ رہے ہیں۔ قانونی معاملات کا شکار ہیں تو ان کا فیصلہ رواں دنوں میں آپ کے لیے خوشی کا باعث رہے گا۔ بیماری کا شکار ہیں تو طوالت اختیار کر لے گی۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔

25 تا 31 دسمبر

سفر کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے جس مقصد کے لیے آپ سفر کریں گے، وہ حل نہ ہو سکے گا۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ نا اُمید نہ ہوں اور اپنی کوششوں کو جاری رکھیں۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ حکومتی افسران سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ نئے کاروبار کا آغاز کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ وہ افراد جو پہلے سے ہی کاروبار کر رہے ہیں ان کی آمدن میں بھی اضافہ ہوگا۔ چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ رشتے دار آپ کے لیے مسائل پیدا کرتے نظر آتے ہیں۔ اُمیدوں اور خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ نیز اس حوالے سے کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ لڑائی جھگڑوں جیسے کاموں کی طرف آپ کا رجحان رہے گا۔

سعد تاریخیں	18-27-28
نحس تاریخیں	2-3-9-17-30
لکی نمبر	0-4-9

دلو

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 دسمبر

خاندان والوں اور خصوصاً والدہ کا کردار آپ لوگوں کی زندگی میں اہم رہے گا۔ جو لوگ گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے یہ ہفتہ مناسب رہے گا۔ جو فیصلہ بھی لیں وہ آپ کے حق میں بہتر رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ وہ افراد جنہوں نے بیرون ملک سفر کے لیے اپلائی کیا ہوا ہے انہیں اس حوالے سے کوئی نہ کوئی خوشخبری ضرور سننے کو ملے گی۔ حکومتی افسران سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ خاندانی زمین یا سواری کی فروخت کے لیے یہ وقت مناسب ہے۔ آپ کو حسب خواہش یا بہتر قیمت مل جائے گی۔ سیر و تفریح اور کھیل کود میں زیادہ دلچسپی لیں گے۔ دشمنوں کی وجہ سے رکاوٹوں کا سامنا رہے گا۔

9 تا 16 دسمبر

بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو اپنی کوششوں کو جاری رکھیں، کیونکہ آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی معاملات کی طرف زیادہ رہے گا۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانی کا سامنا ہوگا۔ اگر آپ کاروبار میں بہتری چاہتے ہیں تو آپ کو محنت زیادہ کرنی ہوگی۔ ساس کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کی اپنے شریک حیات کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ اگر ان کے ساتھ سفر کے لیے جانا تھا تو وہ ممکن نہیں۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں، حل ہو جائیں گے۔ اندرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔ آپ کا رجحان دوسروں سے رابطہ اور خط و کتابت وغیرہ کی طرف کم رہے گا۔

17 تا 24 دسمبر

گھریلو معاملات خراب رہیں گے نیز کسی بھی شخص کو اپنے نجی اور ذاتی معاملات میں دخل اندازی نہ کرنے دیں۔ معاملات میں مزید خرابی پیدا ہوگی۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا رہے گا۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ سفر کے حوالے سے موثر وقت ہے نیز اللہ کی مہربانی سے آپ کی اپنے مقصد میں کامیابی ملے گی اور کام آسانی سے حل ہو جائیں گے۔ عمر میں بڑے لوگوں کے ساتھ آپ کا رویہ درست نہ ہوگا۔ ڈرائیونگ کرتے وقت یا لڑائی جھگڑا کرتے وقت آپ کو چوٹ لگنے کا خدشہ ہے۔ ہمسایوں اور رشتے داروں سے میل جول زیادہ رہے گا۔

25 تا 31 دسمبر

اولاد کی تربیت کی طرف آپ کی توجہ کم جائے گی۔ نیز اولاد قابو سے باہر ہوتی نظر آ رہی ہے۔ اپنی خواہشات اور اُمیدوں کو پورا کرنے میں ممکن رہیں گے۔ علاوہ ازیں کامیابی کی کافی توقع

ہے۔ گھریلو معاملات میں بہتری آئے گی۔ مالی معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ قرضہ لینے کی کوشش کررہے ہیں تو ملنے کی اُمید نہیں ہے۔ حکومتی افسران آپ کے کام جلد اور آسانی سے حل کردیں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے نقصان کے سوا کچھ ملتا نظر نہیں آتا۔ وہ طالب علم جو پڑھائی کی غرض سے بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے ہیں ان کی محنت رنگ لاتی نظر آتی ہے۔ آپ اپنا وقت اور پیسہ عشق ومحبت جیسے کاموں میں ضائع کریں گے۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔

سعد تاریخیں	2-3-7-17-21-30
نحس تاریخیں	4-9
لکی نمبر	0-3-7

حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نپچون
منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 دسمبر

وہ افراد جو بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں یا خواہش مند ہیں ان کی یہ خواہش رواں دنوں میں پوری نہ ہوسکے گی۔ دشمن آپ کے خلاف متحرک رہیں گے اور آپ کے راستہ میں رکاوٹیں ڈالتے رہیں گے۔ اس عرصہ میں آپ کو صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات میں کمی آئے گی۔ اس عرصہ میں آپ کو اپنے معاملات کو چلانے کے حوالے سے کوئی خاص کامیابی نہ مل سکے گی۔ جو بات آپ کے لیے زیادہ مسئلہ پیدا کرے گی وہ یہ ہوگی کہ آپ اپنی بات دوسروں کو سمجھا نہ پائیں گے۔ اس عرصہ میں آپ کو گھر سے سکون ملنا شروع ہوگا اور اپنا وقت گھر میں گزارنا زیادہ پسند کریں گے۔ اندرون ملک سفر کے حوالے سے یہ وقت مناسب ہے۔ سفر خوشگوار اور مقصد میں کامیابی ملے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔

9 تا 16 دسمبر

صحت اچھی رہے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ وہ اخراجات جو ان کے اوپر ہو رہے ہیں اس میں بھی خاطر خواہ کمی آئے گی۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو اپنی کوشش کو جاری رکھیں آپ کو اس عرصے میں قرضہ ضرور مل جائے گا۔ انعامی سکیمیں بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے خاطر خواہ فائدہ نہ ہوگا۔ اولاد کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی ہوگی۔ کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ عرصہ بہتری لاتا نظر آرہا ہے۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔ زمین وجائیداد کی خرید وفروخت کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو یہ وقت اس کام کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا۔

17 تا 24 دسمبر

آپ کو برے خواب آئیں گے۔ چاول صدقہ کے طور پر دے دیں۔ پریشانی دور ہو جائے گی۔ اعلیٰ افسران اور صاحب حیثیت لوگوں سے آپ کسی مدد کے منتظر ہیں تو وہ آپ کے کام ضرور آئیں گے۔ سفر کرنے سے گریز کریں کیونکہ سفر کے دوران آپ کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ غیر ضروری اخراجات میں بھی کافی حد تک قابو پا لیں گے۔ صحت میں خرابی آئے گی۔ ڈاکٹر سے رجوع کریں جلد صحت یاب ہو جائیں گے۔ انٹرویا اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم جن کو نتائج کا انتظار ہے ان کے لیے خوشخبری ہے کہ ان کے نتائج بہتر آئیں گے۔ لوگوں کے ساتھ بات چیت زیادہ کریں گے۔

25 تا 31 دسمبر

منگنی، نکاح کرنے کے لیے موثر وقت نہیں ہے۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کی بات چلتی نظر آرہی ہے۔ کاروباری افراد کو مالی فائدہ حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کرنا ہوگی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو آپ کے پاس وقت ہے کہ جب ان سے نجات حاصل کرسکتے ہیں۔ سفر کرنے کی منصوبہ بندی کررہے ہیں تو اب آپ سفر کے لیے جاسکتے ہیں۔ یہ سفر سیر وتفریح کے لیے بھی ہوسکتا ہے اور تعلیم کے حصول یا کسی کام کے سلسلے میں بھی ممکن ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ اپنے کام خود کرنے کی کوشش کریں، کسی کی مدد لینا کام میں تاخیر کا باعث بنے گا، نیز وہ شخص آپ سے مخلص بھی نہ ہو گا۔

سعد تاریخیں	18-23
نحس تاریخیں	7-14-15
لکی نمبر	1-5-9

☆☆☆☆☆

طلسمات منازل قمر

شیخ نجیب الدین حسین سکاکی کی کتاب کا اردو ترجمہ ہے اس چھوٹی سی کتاب میں منازل قمر ملائکہ موکلین، حروف، بخورات، اشکال اور روحانی اعمال دیے گئے ہیں۔ وہ جو منازل قمر کے حوالے سے عملیاتی اور نجومی اور روحانی معلومات کے خواہش مند ہیں تو یہ ایک کتاب جو بظاہر سائیس ((27 صفحات پر مشتمل ہے غیر معمولی اعمال کا مجموعہ ہے۔ اس کا آخری حصہ ''رسالہ نمونہ اشراق'' پر مشتمل ہے جو علم اشراق کے بیان پر مشتمل ہے۔ اس کے اختتام کے بعد قاعدہ منتر بنانے کا تفصیل کے ساتھ درج ہے جو آپ کے علمی اور عقلی خزانہ میں ایک غیر معمولی اضافہ ہوگا۔ (فوٹو کاپی میں دستیاب ھے)۔ حوالہ نمبر: 65 قیمت: 200

جواہرات اور تسبیحات

ادارہ راہنمائے عملیات اصل جواہرات اور اصل پتھروں کی تسبیحاں ایک طویل عرصہ سے فراہم کر رہا ہے۔ یہ دراصل ادارہ راہنمائے عملیات پر اعتماد کی وجہ ہی ہے کہ ملک عزیز کے کونے کونے سے لوگ جواہرات اور تسبیحاں گھر بیٹھے طلب کرتے ہیں اور ادارہ بھی ان کے اعتماد پر پورا اترتا ہے۔ سو آپ بھی اصل جواہر و پتھر مناسب قیمت پر دفتر آکر یا بذریعہ ڈاک طلب کر سکتے ہیں۔ ذیل میں جواہرات کی کم سے کم قیمت دی گئی ہے۔ آپ ہمارے سے چاہے سستا سے سستا پتھر خریدیں یہ یقین رکھیں کہ ہوگا وہ اصل ۔جواہر کے اصل ہونے کی ہماری گارنٹی ہے۔ آپ ادارہ سے اپنے پسندیدہ پتھر کی انگوٹھی یا لاکٹ وغیرہ بھی بنوا سکتے ہیں۔

جواہرات

نام پتھر	قیمت
عقیق	500
لاجورد	550
مرجان	1600
فیروزہ	2400
مون سٹون	1200
ریسبومون سٹون	3600
اوپل	2200
زمرد	4200
یاقوت	2600
سنہلا پکھراج	950
پکھراج	2500
سنگ مریم	800
ایکوامرین	3200
گاؤمیدک	1600
پیرنی ڈاٹ	1100
نیلم	2600
لہسنیا	900
ٹائیگر	900
گارنٹ	950
موتی	2000
فونکس/جیڈ	1500
زبرجد	1500
دانہ فرہنگ	1500
کوارڈز	2000
روزکوارڈز	1500
ایمے تھیسٹ (کٹیلا)	2000
موئے نجف	1100
درنجف	750
سنگ موسی	3000
بلڈسٹون	1500
مقناطیس	1500
مانک	3000
سنگ یشیب	4000
سنگ حدید	1250
زہرمہرہ	1000
ترملین	2200
اونکس	1400
کنزائٹ	4000
جیسپر	1200
لیبروڈرائٹ	2100

جواہراتی تسبیحاں

ذیل میں مختلف جواہرات سے بنی تسبیحوں کا ذکر ہے۔ خیال رہے یہ سب اصل ہیں کوئی بھی تسبیح ان میں سے نقلی نہیں ہے۔ یہ کم سے کم قیمت ہے۔

تسبیحات	قیمت 33 دانے	قیمت 99 دانے
عقیق یمنی لال	1200	3000
عقیق سلیمانی	1500	4400
عقیق لال کٹنگ والی	5000	---
عقیق کالا	2000	4000
عقیق سبز سلیمانی	7500	---
موتی	1650	4000
صدف	2800	8000
ٹائیگر	2000	3000
لاجورد	2200	6500
جیڈ	2750	4000
دانہ فرہنگ	2500	4000
سنگ یشیب	16,000	---
گارنٹ	12,500	---
پیری ڈاٹ	15,500	---
چاندی اللہ و محمد کندہ	8500	---
عقیق یمنی لال بڑے دانے	12,000	---



تحریر: سید عرفان، اسلام آباد۔

برج جدی

مختصر منسوبات

جنسی خواص	عنصری خواص	جسدی خواص
مونث	خاکی	منقلب
حاکم کوکب	مخصوص دن	مخصوص حروف
زحل	ہفتہ، بدھ، جمعہ	ج، خ، گ
جسم کا حصہ	مخصوص رنگ	مخصوص پتھر
زانوں	نیلا، سفید، سبز	نیلم، ہیرا

موزوں کھانے:۔

گوبھی، بند گوبھی۔

موزوں کھیل/شوق:۔

چیزیں جمع کرنا، ورزش، باغ بانی، میوزک، پہاڑ پر چڑھائی۔

موزوں جڑی بوٹیاں اور پودے:۔

جو، چقندر، صنوبر، دیودار، پیاز، ساگ، بید۔

پیشہ:۔

زراعت، سیاست، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے سے متعلق کام، درس وتدریس، کان کنی، جنگلات، صبر وتحمل کے متقاضی، حکومتی عہدے منتظم، ٹھیکیداری، زمینداری، چمڑے اور کھالوں کا کاروبار، ڈاکٹر، خصوصاً جلدی امراض یا ہڈی کا سرجن، معمولی کام کرنے والے مزدور وغیرہ، عمارت سازی۔

عام خصوصیات

جدی افراد خوش مزاج ہوتے ہیں۔ ان کی حس مداح اچھی ہوتی ہے۔ وہ کام جو دوسروں کے لیے مشکل ہوتے ہیں۔ جدی افراد وہ کام انجام دے دیتے ہیں۔ یہ افراد زیادہ میل جول پسند نہیں کرتے، البتہ دوسروں سے کام کروانا جانتے ہیں۔ احتیاط پسند ہوتے ہیں۔

موزوں حالات/منسوبات:۔

غیر آباد زمین، پولیس مین، پولیس اسٹیشن، بکریاں، مٹی کے برتن بنانے کی جگہ، برتن بنانے والے، مٹی کا کام کرنے والے، عمارتیں بنانے والے، جج، مجسٹریٹ، کمرہ عدالت۔

موزوں اشیاء:۔

قدیم اشیاء، لکھنے کی تختی، کلاک، پرانے جوتے، زیورات، پرانی شراب، گھڑی۔

صحت:۔

جدی افراد تدبیر اور احتیاط سے زندگی گزارتے ہیں اور جانتے ہیں کہ ان میں کتنی صلاحیت ہے اور اس کی مطابق کام کرتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات کام کی زیادتی کی وجہ سے ڈپریشن کا شکار ہوتے ہیں۔

محبت کے معاملات:۔

شرمیلے اور کم گو ہوتے ہیں۔ اگر اپنی اس کمزوری پر قابو پالیں تو بہترین ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔ اپنے جذبات کا اظہار نہیں کرتے اور اپنے

کاروبار/روزگار کی وجہ سے شریک حیات کو نظر انداز کرتے ہیں۔

مثبت خصوصیات

جدی افراد کی حس مزاح بھرپور ہوتی ہے۔ یہ افراد بہت زیادہ صبر والے، سمجھ دار، قابل بھروسہ، چیزوں کی حفاظت کرنے والے اور نظم وضبط کے پابند ہوتے ہیں۔ حاکمانہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں اور دوسروں سے کام کرواتے ہیں۔ قدرتی خوبصورتی کو پسند کرتے ہیں۔ یہ حفاظت کا ضامن خیال ہوتے ہیں۔ یہ شرمیلے افراد ہوتے ہیں۔ احتیاط پسند ہوتے ہیں۔ یہ افراد قابل بھروسہ، ادارے کے مضبوط، احتیاط پسند، بلند حوصلے والے، نظم وضبط کے پابند، تحمل مزاج، محنتی، ثابت قدم اور دور کی نظر رکھنے والے ہوتے ہیں۔

اگر کسی سے رشتہ قائم ہوجائے تو جدی افراد بہترین اور وفادار شریک حیات ہوتے ہیں۔ فلرٹ نہیں کرتے، ساتھی کو اپنی حس مزاح سے خوش رکھتے ہیں۔

یہ افراد اپنی صحت کا خیال رکھتے ہیں۔ قائدے کے مطابق زندگی گزارتے ہیں۔ آرام اور ورزش کے لیے وقت نکالتے ہیں۔

منفی خصوصیات

یہ افراد بہت زیادہ سخت اور مایوس کن خیالات کے حامل ہوتے ہیں۔ افسردہ اور پریشان رہتے ہیں۔ ان کے دل میں کسی کے لیے جذبات نہیں ہوتے۔ ان کی احتیاط پسندی بعض اوقات حد سے زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ یہ اکیلے رہنے کے عادی اور کنجوس ہوجاتے ہیں۔ یہ لوگ نہ صرف خود پریشان رہتے ہیں بلکہ دوسروں کو بھی پریشان کرتے ہیں۔ یہ افراد سخت مزاج، ضدی، بدتمیز، ظالم، سرد مزاج، مشقت طلب، مایوسی کی طرف مائل کنجوس، ضرورت سے زیادہ روایت پسند اور آوارگی کی طرف مائل ہوسکتے ہیں۔

یہ بہت احتیاط پسند، شرمیلے ہوتے ہیں اور اپنے جذبات کا اظہار کرنے سے گھبراتے ہیں۔ انجام سے ڈرتے ہوئے یہ اکثر رشتہ قائم نہیں کرپاتے۔ کیونکہ یہ دوسروں کے اوپر کم ہی اعتبار کرتے ہیں اس لیے اپنے اوپر کام کا بوجھ بڑھا لیتے ہیں۔ جس سے ان کی صحت متاثر ہوتی ہے۔

بیماریاں

ڈپریشن، ذہنی مسائل و بیماریاں، جلدی امراض، خون سے متعلق بیماریاں، جنسی کمزوری ہوجائے تو صحت یابی مشکل ہوتی ہے۔

خاتم سلیمان انگوٹھی

042-36374864
0300-8442060

خاتم سلیمان ایک ایسی متفرق خواص کی انگوٹھی ہے جو اِن امور کے لیے موثر مانی جاتی ہے۔ جن میں جادوٹونہ، حصول محبت، عشق، خاتمہ دشمنی، غلبہ، محبت، قرض سے نجات، تحفظ دھوکہ، کامیاب سفر، حفاظت شر، خاتمہ خفیہ دشمن، حصول محبوب، تکمیل حاجت، منگنی نکاح، خاتمہ غربت، ترقی، تحفظ بدنظری، اچانک حادثہ، حفاظت حاسدین، دلوں میں محبت، مسافر و غائب کو حاضر کرنا، جھگڑالو سے حفاظت، لوگوں کو مطیع کرنا، حصول مراد، خیر و برکت، خاتمہ دشمن، صحت، خاتمہ بیماری جیسے اُمور شامل ہیں۔ یہ انگوٹھی لوح کی شکل میں بھی دستیاب ہے۔

www.khalidrathore.com Rehnuma-e-amliyat

قسط نمبر 1

پیش گوئی کا مستند طریق

مترجم: خالد اسحاق راٹھور

ندائے غیب

علم نجوم، اعداد، رمل، پامسٹری وغیرہ سوالات کے جوابات جیسے امور سے بحث کرتے ہیں۔ یہ تمام علوم مہارت اور توجہ کے طالب ہوتے ہیں۔ زائچہ سازی خاص طور پر محنت طلب کام ہے۔ لیکن علوم مخفی سے متعلق ماہرین ایسے قواعد یا طریقوں کی تلاش میں ہوتے ہیں جن سے کم سے کم محنت سے جلدی اور درست نتائج حاصل کیے جاسکیں۔ اس حوالے سے میری نظر میں انگلش زبان کی ایک کتاب آئی اور مجھے محسوس ہوا کہ اگر اس کا اردو ترجمہ کر دیا جائے تو علوم مخفی کے لوگوں کے لیے ایسے آسان اور فوری طریق متعارف ہو جائیں گے جن کی وجہ سے وہ اپنے سائلین کو درست سمت راہنمائی کر سکیں گے۔

اس کتاب میں پیش گوئی کے کئی طریق بیان کیے گئے ہیں۔ انشاء اللہ ہم جیسے جیسے آگے بڑھیں گے، آپ اس کی گہرائی اور افادیت کے قائل ہوں گے۔ نام کتاب بمعہ نام مصنف۔

Manual of Cartomancy and Occult Divination by Grend Orient

اس سے اگلی سطور میں کتاب کا ترجمہ:

کارٹومینسی کے ذریعے پیش گوئی اور جادوائی مستقل بینی کی کتاب بشمول انسانی قسمت کا الہامی طریق، میگی کے الہامی حروف تہجی، قسمت کا سنہری چکر، کرسٹل میں روحوں کو بلانے کا فن اور پیش گوئی کے دیگر طریقہ کار۔



پیش گوئی کا ایک اور طریقہ۔ بالتصویر۔ قبالا حسابی طریقہ جو فیثاغورث نے بیان کیا۔ جو کہ ایک چھوٹی کتاب Occoult Divination سے ہے۔ قسمت کا چکر اس کا پہلا حصہ ہے جو کہ انسانی قسمت کے بیان کے جادوائی عمل لیے ہوئے ہے۔ جزوی طور پر یہ اعداد پر مشتمل ہے۔ جزوی طور پر یہ نجوم پر مشتمل ہے اور مکمل طور پر جادوائی ہے۔ ایک جادوائی آلہ۔ جو قسمت

کا سنہرا چکر کہلاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس کو Cogliostro نے استعمال کیا تھا۔ اسی سنہرے چکر کا بیان Grand Orient نے بھی دیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اس نے اس کا انتخاب ایک لاطینی مخطوطہ سے کیا جو علم نجوم کے موضوع پر تھا۔

انسانی قسمت کی فال یا نو سو جوابات زندگی کے تیس اہم سوالوں کے بذریعہ فیثاغورث۔

فال نامہ کو کس طرح استعمال کیا جائے:

فیثاغورث کے قائم کردہ زندگی کے تیس سوالوں کا جواب حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ پہلے قسمت کے چکر سے رجوع کریں۔ ہر حرف کی مخالف سمت میں ایک عدد ملے گا۔ آپ کے نام کے حروف کے ساتھ جو عدد منسوب ہے۔ پہلے اس کو لیں۔ اس کو جس تاریخ کو پیدا ہوئے اس میں جمع کر لیں اور پھر کواکب اور دنوں کے نمبروں سے رجوع کریں۔

اگر آپ پیر کے دن سوال کریں تو اُس نمبر کو لیں جو مربع کے اندر اس دن کو دیا گیا ہے۔ اور دن کے کوکب کا نمبر بھی۔ ان سب کو باہم جمع کریں اور تیس سے تقسیم کر دیں جو کچھ باقی بچے گا وہ آپ کے سوال کا جواب ہوگا۔

مثال:

فرض کریں کہ ایک فرد جو کا Helen یا Harald ناکام تھا اس نے سوال کیا!

کیا میری دلی خواہش پوری ہوگی؟

فرض کریں یہ جمعرات کو پوچھا گیا تھا اور جس نے پوچھا تھا وہ کسی بھی ماہ کی بیس تاریخ کو پیدا ہوا تھا۔ یہ تمام امور یوں ہوئے۔

تاریخ پیدائش	20
H کے مخالف نمبر	28
جمعرات کا نمبر	31
جمعرات کے کوکب کا نمبر	78
کل	157

157 کو 30 تے تقسیم کریں تو 7 باقی قسمت ہوگا۔ طلسمی نمبروں کے جدول کی طرف آئیں اور تیسرے سوال کو دیکھیں (ہمارے سے یہی سوال کیا گیا تھا) آپ کو ساتواں کالم کے نیچے یہ نشان نظر آئے گا "♎" ۔ اب اس کالم میں رہتے ہوئے نیچے دیکھیں یہاں تک کہ تیسرے سوال کی لائن آجائے۔ یہاں آپ کو ایک حرف ملے گا "I"۔

اب مستقبل کی فال کے جدول کی طرف آئیں اور یہاں اس بروجی نشان کو تلاش کریں جو کہ پہلے "♎" حاصل ہوا تھا۔ یہ ہی جواب ہے۔ جو کچھ یوں ہے؛

پہلے تین دفعہ مشکل ہوگی۔ چوتھی کوشش کامیاب ہوگی۔ لیکن آپ کے راستہ میں ایک برا دشمن رہے گا۔ یہ اب بھی آپ مخالف ہے۔

خصوصی نوٹ:

وہ لوگ جن کی درست تاریخ پیدائش نہ ہے۔ اُس تاریخ کو لے لیں جس تاریخ کو انہوں نے سوال پوچھا ہے۔



زندگی کے تیس اہم سوال

(1) کیا زندگی میں کامیاب اور خوش قسمت ہوں گا؟ یا ناکام اور بدقسمت رہوں گا؟

(2) زندگی کے کون سے ادوار خوش قسمت ترین ہوں گے؟

(3) کیا میری قلبی خواہش پوری

ہوگی؟

(4) جن نامعلوم فرد کے بارے میں سوال کر رہا ہوں اُس کے نام کی ابتداء کس حرف سے ہے؟

(5) بیمار فرد کی حالت میں کوئی تبدیلی یا بہتری آئے گی؟

(6) کیا میری زندگی لمبی ہوگی یا مختصر؟

(7) برج اور ستارہ کیا ہے اور میری قسمت میں کیا ہے؟

(8) جو وعدہ کیا گیا ہے کیا پورا ہوگا؟

(9) کیا میں جہاں رہتا ہوتا ہوں وہاں سے آمدن ہوگی یا مجھے ہجرت کرنا ہوگی؟

(10) کیا میرا دوست مخلص اور قابل اعتماد ہے؟

(11) کیا میری جاری بدقسمتی، خوش قسمتی میں بدل جائے گی یا نہیں؟

(12) وہ خاص موقع جو میرے ذہن میں ہے وہاں حالات کیسے ہوں گے؟

(13) کیا جو دن میرے ذہن میں ہے میرے لیے خوش قسمتی لائے گا؟

(14) ہفتہ یا ماہ کا کون سا دن میرے لیے اہم ترین ہے؟

(15) میری ازدواجی زندگی اور معاملات زندگی کیسے رہیں گے؟

(16) جو اشیاء گم یا چوری ہو چکی ہیں ان کے بارے کیا معلومات ہیں۔

(17) کیا میں قانونی کیس ہار جاؤں گا یا جیت جاؤں گا؟

(18) خاتون کی ازدواجی بات دی شدہ زندگی میں کیا ہے؟

(19) کیا میں اپنے خاندان میں خوش قسمت ہوں گا؟

(20) کیا میرا غیر موجودہ دوست اچھی حالت میں ہے یا پریشان ہے۔

(21) کیا میں شرط لگاؤں تو میں جیتوں گا یا ہاروں گا؟

(22) کیا دوستوں سے زیادہ میرے دشمن ہیں؟

Questions	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15
	♈	♉	♊	♋	♌	♍	♎	♏	♐	♑	♒	♓	☿	♃	♂
No.															
1	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O
2	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P
3	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q
4	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R
5	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S
6	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T
7	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U
8	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V
9	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W
10	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X
11	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y
12	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z
13	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a
14	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b
15	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c
16	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d
17	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A
18	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B
19	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C
20	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D
21	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E
22	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F
23	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G
24	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H
25	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I
26	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J
27	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K
28	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L
29	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M
30	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N

(23) دنیا کے کس حصہ کی طرف مجھے سفر کرنا چاہیے؟

(24) کیا اس سال میری زندگی میں کوئی تبدیلی آئے گی؟

(25) کیا سفر کرنا میرے لیے مفید رہے گا؟

(26) اگلے سات سالوں میں میری قسمت کیسی رہے گی؟

(27) کیا جہاز حفاظت سے پہنچ جائے گا یا غائب وغیرہ ہوگا؟

(28) کس کام یا بزنس میں کامیاب ہوسکتا ہوں؟

(29) کیا بزنس کی پیش مندی جو میں سوچ رہا ہو مفید ثابت ہوگی یا نہیں؟

(30) متوقع جنگ یا مقابلہ میں کون کامیاب ہوگا؟

جب کسی سوال جواب لفظ "U" کے تحت آئے تو اس کا جو لفظ "V" کے تحت دیکھیں۔

جاری ہے۔

Questions	16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30
	♀	☿	☉	☽	♎	♉	*	△	□	♂	⊕	+	**	×	***
No.															
1	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d
2	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A
3	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B
4	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C
5	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D
6	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E
7	V	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F
8	W	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G
9	X	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H
10	Y	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I
11	Z	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J
12	a	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J	H
13	b	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L
14	c	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M
15	d	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N
16	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O
17	B	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P
18	C	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q
19	D	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R
20	E	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S
21	F	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T
22	G	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U
23	H	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V
24	I	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W
25	J	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X
26	K	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y
27	L	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z
28	M	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a
29	N	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b
30	O	P	Q	R	S	T	U	V	W	X	Y	Z	a	b	c

دنوں کے نمبر اور متعلقہ کوکب

دن	نمبر	کوکب
ہفتہ	55	زحل
اتوار	106	شمس
پیر	52	قمر
منگل	52	مریخ
بدھ	102	عطارد
جمعرات	31	مشتری
جمعہ	68	زہرہ

کوکب کے نمبر

کوکب	نمبر
☉	55
☾	34
♂	45
☿	39
♃	11.4
♀	78
	45

خصوصی نوٹ:

طلسمی جواہرات

علم جواہرات کے موضوع پر ایک ایسی کتاب ہے جس کا مطالعہ آپ کو درست جواہر کے انتخاب میں ماہر بنا دے گا۔ جواہر کے انتخاب، ان کے خواص، سحری اثرات، مختلف امراض میں موثر جواہر، صحت، نوکری اور دیگر امور میں مفید جواہر کا بیان، جواہر کی پاکیزگی، اصل نقل کی پہچان اور لاتعداد موضوعات۔

قسط نمبر2

عظمت و آفادیت سورۃ مزمل

تنگ نظری سے نجات کے لئے۔

بخل ایک بہت بڑی بیماری ہے۔بخل اللہ کو ناپسند ہے۔بخل کے مقابلے میں سخاوت ایک ایسی صفت ہے جو اللہ کی رضا کا ذریعہ بنتی ہے۔ حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ بخل ایک ایسا درخت ہے جس کی شاخیں جہنم میں پھیلی ہوئی ہیں اور سخاوت ایک ایسا درخت ہے جس کی شاخیں جنت میں پھیلی ہوئی ہیں۔جو لوگ بخل سے نجات پانے کے فکرمند ہوں اور یہ چاہتے ہوں کہ ان میں سخاوت اور فیاضی پیدا ہو تو وہ اس نقش کو اپنے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ اس نقش کی برکت سے تنگ نظری کوتاہ فکری اور بخل سے چھٹکارا ملے گا،طبیعت میں وسعت اور فیاضی پیدا ہوتی ہوگی۔

۷۸۶

۵۹۹	۶۰۲	۶۰۶	۵۹۲
۶۰۵	۵۹۳	۵۹۸	۶۰۳
۵۹۴	۶۰۸	۶۰۰	۵۹۷
۶۰۱	۵۹۶	۵۹۵	۶۰۷

یہ بات یاد رکھیں کہ قرآنی سورتوں اور آیتوں کے نقوش کو باوضو تیار کرنا چاہیے اور اس کے لئے صبح کا وقت زیادہ موزوں ہے۔نقوش قبلہ رو ہو کر بنائیں اور جب آیت کا نقش تیار کر رہے ہوں تو اس آیت کریمہ کو کم سے کم سو مرتبہ پڑھ کر نقش پر دم کر دیں تاکہ اس کی تاثیر مسلم ہو جائے۔

سورۂ مزمل کے جو عمل اور نقوش پیش کئے جا رہے ہیں وہ روحانیت کا ایک قیمتی سرمایہ ہیں ان سے ایمان و یقین کے ساتھ استفادہ کریں قرآن حکیم کی تجلیات کو گھر گھر پھیلانے کی جدوجہد کریں۔

رزق میں اضافہ کے لئے۔

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے اور ہر طرف سے رزق کے دروازے کھل جائیں تو اس کو چاہیے کہ فجر کے بعد 11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۱۰۰ مرتبہ "یامغنی" پڑھیں،اس کے بعد نماز ظہر، نماز عصر،نماز مغرب اور نماز عشاء کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں۔ اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن کریں۔انشاءاللہ رزق کے دروازے ہر طرف سے کھل جائیں گے۔

کسی بھی حاجت کے لئے۔

اگر کوئی ایسی حاجت درپیش ہو جو کسی بھی طرح پوری نہ ہو رہی ہو تو عروج ماہ میں یہ عمل شروع کریں۔یہ عمل نماز ظہر یا نماز عشاء کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان کریں۔عمل کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔اس کے بعد ۱۱ مرتبہ "یا جمیل" پڑھیں۔اس کے بعد 31 مرتبہ یہ پڑھیں: استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ پھر ایک مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھیں ایک بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں،اس کے بعد ایک مرتبہ یہ درود پڑھیں: اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد بعد د رمل و الحصی اللھم صل علی سید نا محمد بعد د المو منین و الکا فرین اللھم صل سید نا بعد د المطر و جمیع الاشیاء . اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کریں اور قلیلا کی دس بار تکرار کرے۔جب واصبر علی ما یقولون پر پہنچے ۳ بار تکرار کرے،اس کے بعد اپنی حاجت کا تصور کرے،جب وطعاما ذا غصۃ وعذابا الیما تک پہنچے تو ۳ بار

تکرار کرے۔ اس وقت بھی اپنی حاجت کا تصور رکھے۔ اس کے بعد جب واللہ یقدر اللیل والنھار پر پہنچے تو ۲ بار تکرار کرے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ یہ کلمہ پڑھے: فلا تخبنتی ذو الفضل العظیم یا من یقدر اللیل النھار قادرلی بقضاء حاجتی فانک قادر علی کل شیء قدیر۔ یہاں اپنی حاجت کا دل میں خیال رکھے۔ جب یبتغون من فضل اللہ پر پہنچے تو ۳ بار تکرار کرے اور اپنی حاجت زبان سے طلب کرے کیوں کے یہ مرحلہ اجابت ہے۔ جب کلمہ استغفروا اللہ پر پہنچے تو ۳ بار تکرار کرے، اس کے بعد ختم سورۃ پر یہ دعا پڑھے اللھم انی اسئلک بحق ھذہ السورۃ الشریفۃ الکریمۃ یا طھوج یا عتبیح یا ثاشادیب بحق کھیعص و بحق حمعسق و بحق نوۃ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذی سمیتہ یا یھا المزمل و یا یھا المدثر ترمنی یا عطوف برداء لطفک من عیونانھا عین ادمہ من اعدانی برحمتک یا ارحم الرحمین اس طرح روزانہ ۱۱ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور اس عمل کو ۱۱ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

دشمن کی تباہی کے لئے۔

ظالم و فاسق دشمن کو تباہ کرنے کے لئے اتوار کے دن فجر کی نماز کے بعد باوضو ہو کر ۴۱ مرتبہ سورۃ مزمل کی یہ آیت تلاوت کرے انا سنلقی علیک قولا ثقیلا اس کے بعد دشمن اور اس کی ماں کا نام ایک کاغذ پر لکھ کر کسی پرانی قبر میں دفن کریں۔ دشمن تباہ ہو جائے گا۔

بانجھ عورت کے لئے۔

اگر کوئی عورت اولاد کی نعمت سے محروم ہو اور بانجھ ہونے کی وجہ سے حمل نہ ٹھہرتا ہو تو وہ نوچندی جمعرات سے شروع کر کے لگاتار ۷ روز تک سورۃ مزمل کی یہ آیت ایک طشتری پر گلاب و زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر پیا کریں۔ انشاء اللہ اسی مہینے حمل قرار پائے گا۔ آیت یہ ہے: ان ناشئۃ اللیل ھی اشد وطاء واقوم قیلا۔

میاں بیوی کی محبت کے لئے۔

جو میاں بیوی ایک دوسرے سے جھگڑتے ہوں ان کو سورۃ مزمل ایک بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دونوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ دونوں میں محبت پیدا ہوگی۔ اگر لڑائیاں زیادہ ہوتی ہوں تو اس عمل کو ایک ماہ میں ۴ مرتبہ کریں۔

مسان سے نجات پانے کے لئے۔

کچے ریشم کے ۷ تار لے کر ان کو ایک جگہ کر کے ان پر ۱۱ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر ۱۱ گرہ لگائیں، یعنی ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر گرہ کی گولائی میں دم کر کے گرہ لگا دیں، پھر اس ڈوری کو عورت کی کمر پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا بچہ ساتھ خیر و عافیت کے پیدا ہوگا۔ ریشم کی تار اگر سرخ رنگ کے ہوں تو بہتر ہے۔

دشمن کی بربادی کے لئے۔

اگر کوئی دشمن کسی کو تباہ و برباد کرتا ہو اور پریشان کرتا ہو تو اس کو تباہ کرنے کے لئے عید الاضحیٰ کے دن مٹھی میں مٹی بھر کر سورۃ مزمل ۲۱ مرتبہ پڑھ کر اس مٹی پر دم کر کے دشمن کے گھر میں پھینک دیں۔ دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

حاکم کو مہربان کرنے کے لئے۔

اگر کوئی یہ چاہے کہ حاکم اس کے ساتھ مہربانی سے پیش آئے اور اس کا جو کام ہے اس کو کر دے تو اس کو چاہیے کہ سورۃ مزمل ۳ مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر لے پھر اپنے ہاتھوں کو اپنے چہرے اور اپنے سینے پر مل لے۔ اس کے بعد حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ حاکم مہربانی کے ساتھ پیش آئے گا اور کام کرے گا۔

مشکلات سے نجات کے لئے۔

اگر کوئی شخص مشکلات کا شکار ہو اور مشکلات کی وجہ سے اس کی زندگی اجیرن بن چکی ہو تو اس کو چاہئے کہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد ۳ مرتبہ یہ آیت پڑھے وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد اس کے بعد ۴۱ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے، آخیر میں ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ تمام مشکلات سے نجات ملے گی۔

تسخیر خلائق کے لئے۔

مخلوقات کو مسخر کرنے کے لیے باوضو ہو کر قبلہ رو بیٹھیں اول و آخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد ۲۱ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھیں۔ جب الی ربہ سبیلا پر پہنچیں تو چند لمحے کے لئے سکوت کریں اور تسخیر خلائق کا تصور کر کے سورۃ مزمل کو ختم تک پڑھ لیں، اس کے بعد ۱۱ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں اور ۱۲۸ مرتبہ مرتبہ یہ پڑھیں۔ یا حنان یا منان یا کریم یا رحیم یا عزیز اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ مخلوقات مسخر

ہوں گی۔

استخارہ کے لئے۔

کسی بھی معاملہ میں استخارہ کرنا ہو تو نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل ادا کر کے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں سلام پھیرنے کے بعد ۱۲ مرتبہ یا بدیع العجائب با الخیر یا بدیع پھر ۱۰۸ مرتبہ یہ پڑھیں یا اللہ یا عالم ما فی قلبی و معین فیہ اس کے بعد کسی سے بات کئے بغیر سو جائے انشاء اللہ پہلی ہی رات میں صحیح جواب ملے گا۔ ورنہ دوسری، تیسری رات میں لازماً رہنمائی ہو جائے گی۔

ناقدری سے بچنے کے لئے۔

اگر کوئی شخص ناقدری کا شکار ہو اور سب کچھ کرنے کے بعد بھی اس کی عزت افزائی نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہیے کہ سورۂ مزمل کی اس آیت کو روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم. وما تقدموا لا نفسکم من خیر تجدوہ عند اللہ ھو خیر و اعظیم اجرا اور اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ چند ہفتوں کے بعد وہ دیکھے گا کہ لوگ اس کے کارناموں کی قدر کر رہے ہیں اور اس کی خدمت میں خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔ اس عمل کی شروعات اس وقت کریں جب چاند عروج پر چل رہا ہو یعنی چاند کی ۳ تاریخ سے ۱۴ تاریخ کے درمیان اور شروعات کرتے وقت چاند برج عقرب میں نہیں ہونا چاہئے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۰۷	۱۱۱۰	۱۱۱۳	۱۱۰۰
۱۱۱۲	۱۱۰۱	۱۱۰۶	۱۱۱۱
۱۱۰۲	۱۱۱۵	۱۱۰۸	۱۱۰۵
۱۱۰۹	۱۱۰۴	۱۱۰۳	۱۱۱۴

گناہوں سے بچنے کے لئے۔

اگر کسی شخص کا دھیان گناہوں کی طرف مائل رہتا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کو گناہوں سے نجات مل جائے اور اس کے اندر خوف خداوندی پیدا ہو تو اس کو چاہیے کہ صبح شام اس آیت کو سو مرتبہ پڑھے اول و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھے اور مندرجہ ذیل نقش کو اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں اس کے دل میں خشیت الٰہی پیدا ہوگی۔ اور اس کا دل خطاؤں سے لرزنے لگے گا عبادت و ریاضت کا ذوق پیدا ہوگا اور اللہ کی نافرمانیوں سے بچنے کی توفیق عطا ہوگی۔

آیت یہ ہے: بسم اللہ الرحمن الرحیم. واستغفر اللہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۵۴	۴۵۸	۴۶۱	۴۴۷
۴۶۰	۴۴۸	۴۵۳	۴۵۹
۴۴۹	۴۶۳	۴۵۶	۴۵۲
۴۵۷	۴۵۱	۴۵۰	۴۶۲

اس نقش کو کالے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں۔

مصائب سے محفوظ رہنے کے لئے۔

دنیا کے مصائب سے محفوظ رہنے کے لئے اور اللہ کی طرف سے غیبی امداد حاصل کرنے کے لئے روزانہ اس آیت کا ورد سو مرتبہ کریں۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اور مندرجہ ذیل نقش کو دائیں بازو پر باندھیں۔ اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کریں۔ آیت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. ان اللہ غفور رحیم.

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۱۵	۴۱۸	۴۲۱	۴۰۷

لوحِ شرف زہرہ

عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، حسن، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیی باکمال لوح ہے۔ وہ مرد اور خواتین جو حسن اور خوبصورتی کے مسائل کا شکار ہوں وہ بھی اس لوح سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ پیار محبت اور الفت کا مجرب خزانہ۔

۴۲۰	۴۰۸	۴۱۴	۴۱۹
۴۰۹	۴۲۳	۴۱۶	۴۱۳
۴۱۷	۴۱۲	۴۱۰	۴۲۲

سورۂ مزمل کی آیات کے یہ نقوش انتہائی مجرب اور زود اثر ثابت ہوتے ہیں لیکن ان کو استعمال کرتے وقت یہ یقین ضروری ہے کہ کلام الٰہی دنیا کی ہر شے سے زیادہ متبرک اور مؤثر چیز ہے اور کلام الٰہی کے ذریعہ مالک حقیقی کی مدد سے بندہ بہت جلد بہرہ ور ہوتا ہے۔ یقین ہی سب سے بڑی نعمت ہے۔ کچھ لوگ یقین سے محروم ہوتے ہیں یا جو لوگ تردد یا تذبذب کا شکار ہوتے ہیں وہ کلام الٰہی کی برکتوں سے سرفراز نہیں ہوتے۔

ان نقش کو بناتے اور استعمال کرتے وقت یقین کا دامن تھامے رکھیں تب ہی مقصد میں کامیابی ملے گی۔

سورۂ مزمل کے جو عمل ہم پیش کر رہے ہیں یہ ایک گراں قدر روحانی دولت ہے، قدر دان لوگ ان کی عظمتوں کو پہچانیں گے اور اس سے استفادہ کریں گے۔

تنگی رزق کے لئے۔

رزق کی تنگی دور کرنے کے لئے روزانہ فجر کی نماز کے بعد دس مرتبہ سورۃ مزمل کی یہ آیت پڑھیں **ان لک فی النھار سبحا طویلا** انشاء اللہ رزق کی تنگی کی شکایت نہ ہوگی اور رزق وافر مقدار میں ملنا شروع ہو گا۔

تمام حاجات کے لئے۔

اگر اس نقش کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں تو چشم خلائق میں مقبول ہوں، بیماری سے نجات ملے، زرق میں خیر و برکت ہو، دیکھنے والے عزت کرنے پر مجبور ہوں، اگر اس نقش کو اپنے گھر میں لٹکائیں تو گھر ہر طرح کی نحوست سے پاک ہو جائے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۲۶	۱۷۲۹	۱۷۳۲	۱۷۱۹
۱۷۳۱	۱۷۲۰	۱۷۲۵	۱۷۳۰
۱۷۲۱	۱۷۳۴	۱۷۲۷	۱۷۲۴
۱۷۲۸	۱۷۲۳	۱۷۲۲	۱۷۳۳

غلبہ نفس سے محفوظ رہنے کے لئے۔

جو شخص یہ چاہے کہ وہ غلبہ نفس سے محفوظ رہے تو اس کو چاہیے کہ وہ ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ مزمل کی تلاوت کر لیا کرے، انشاء اللہ تمام عمر غلبہ نفس سے محفوظ رہے گا، اس عمل کو اگر اس طرح کریں تو بہتر ہے سونے سے پہلے **اعوذ باللہ** اور **بسم اللہ** پڑھیں، پھر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں، پھر ۳ بار آیت الکرسی پڑھیں، ۳ بار تیسرا کلمہ پڑھیں، اس کے بعد سورۂ مزمل پڑھ کر پھر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ نفس کی وسوسہ کاریوں سے اور اس کے غلبے سے محفوظ رہیں گے۔

کسی چیز کے بارے میں معلومات حاصل کرنا۔

اگر کسی چیز کے بارے میں معلومات حاصل کرنی ہو تو عشاء کی نماز کے بعد ۳ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کریں اور کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں۔ انشاء اللہ اس چیز کے بارے میں مکمل معلومات خواب میں فراہم ہوں گی۔

زبان بندی کے لئے۔

حاسدوں اور بدخواہوں کی زبان بندی کے لئے ہر روز نماز عشاء کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دعا کرنے سے سارا دن حاسدوں کی اور بدخواہوں کی زبان بند رہے گی، اگر اس عمل کو معمول بنا لیں تو ہمیشہ دشمنوں کے بدزبانی سے محفوظ رہیں۔

آسیب کو دفع کرنے کے لئے۔

اگر کسی گھر میں جنات کے اثرات ہوں تو وہاں ۲۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر دیں پھر اس پانی کو گھر کے سبھی کونوں میں چھڑک دیں، انشاء اللہ جنات کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔

قضاء حاجت کے لئے۔

نوچندی جمعرات سے اس عمل کی شروعات کریں، بدھ گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے اس رات کو عشاء کی نماز کے بعد مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اپنے سامنے رکھے اور سورۂ مزمل کی تلاوت ۱۱ مرتبہ کرے۔ اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے، جب آیت **رب المشرق والمغرب لا الہ الا ھو فاتخذہ وکیلا** پر پہنچے تو اس آیت کی تکرار ۳ بار کرے اور ۴۵۰ مرتبہ **حسبنا اللہ و نعم الوکیل** پڑھے عمل کے اختتام پر سجدہ میں جا کر دعا مانگے، اس عمل کو ۱۱ مرتبہ راتوں تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ جو بھی حاجت ہوگی پوری ہوگی۔

غیب سے مدد حاصل کرنا۔

مصائب، غربت و افلاس اور تہہ در تہہ مسائل سے نجات پانے

کے لئے روزانہ سورۂ مزمل کی ۳ مرتبہ تلاوت کرنی چاہئے۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کہ ضروریات کے لئے غیب سے امداد ہو جایا کرے اور اس کے مسائل غیب کی امداد سے حل ہوتے رہیں تو اس کو سورۂ مزمل کی تلاوت ایک خاص طریقہ سے کرنی چاہیے اور وہ خاص طریقہ یہ ہے۔

سب سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں۔ اس کے بعد سات مرتبہ استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت اس طرح کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر ۷ مرتبہ ایک ہی سانس میں یا ایھا المزمل پڑھیں۔ اس کے بعد ۳ مرتبہ زملنی بلطفک الخفی پڑھیں اس کے بعد سورۂ مزمل کی آیت قم اللیل الا قلیلا o نصفہ او انقص منہ قلیلا اوزد علیہ ورتل القرا ن ترتیلاء o ایک مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد سات مرتبہ یہ آیت قرانی پڑھیں: ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ قدجعل اللہ لکل شیء قدرا o

اس کے بعد پھر سورۂ مزمل کی یہ آیت ایک بار پڑھیں۔ اناسنلقی علیک قولا یقیلا o ان ناشئۃ اللیل ھی اشدوطاواقوم قیلا o ان لک فی النھار سبحاطویلا o واذکر اسم ربک وتبتل الیہ تبتیلا رب المشرق والمغرب لاالہ الاھو فاتخذہ وکیلا o

اس کے بعد ۱۱ مرتبہ یہ آیت قرآن پڑھیں: ربنا انزل علینا مائدۃ من اسماء تکون لنا عیدا لاولنا واخرنا وایہ منک وارزقنا وانت خیر الرازقین.

اس کے بعد سورۂ مزمل کی یہ آیت ایک بار پڑھیں۔ واصبر علی مایقولون واھجرھم ھجرا جمیلا o وذرنی والمکذبین اولی النعمۃ ومھلھم قلیلا o ان لدینا انکالا وجحیما وطعاما ذاغصۃ وعذابا الیما o یوم ترجف الارض والجبال وکانت الجبال کثیبا مھیلا o انا ارسلنا الیکم رسولا شاھدا علیکم کمارسلنا الی فرعون رسولا o فعصی فرعون الرسول فاخذنہ اخذا وبیلا o فکیف تتقون ان کفرتم یوما یجعل الولدان شیباء السمآء منفطربہ کان وعدہ مفعولا ان ھذہ تذکرہ فمن شآء اتخذ الی ربہ سبیلا o

اس کے بعد ایک مرتبہ یہ آیات پڑھیں: ان ربک یعلم انک تقوم ادنی من ثلثی ء اللیل ونصفہ وثلثہ وطائفۃ من الذین معک واللہ یقدر اللیل والنھار علم ان لن تحصوہ فتاب علیکم فاقرہ واماتیسر من القران علم ان سیکون منکم مرضی واخرون یضربون فی الارض یبتغون من فضل اللہ و اخرون یقاتلون فی سبیل اللہ فاقرء واماتیسر منہ واقیموا الصلوۃ واتوا الزکوۃ واقرضوا اللہ قرضا حسنا.

اس کے بعد یہ آیت ۱۱ مرتبہ پڑھیں: لاالی اللہ تصیرا لامور.

اس کے بعد سورۃ مزمل کی یہ آیت پڑھیں: وماتقدموا لانفسکم من خیر تجدوہ عند اللہ ھو خیرا واعظیم اجرا واستغفر اللہ ان اللہ غفور رحیم.

اس کے بعد ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدے میں جا کر یہ دعا

مکمل شہنشاہی کوک شاستر

ایک سو ساٹھ تصاویر پر مشتمل ویدرتن پنڈت کمندلعل جی ویدکی اس قدیمی کوک شاستر کے مصنف ہیں اور راجہ کے درباری حکیم و وید تھے۔ اس کتاب میں مختلف قسم کی عورتوں کا بیان، عمر کے حساب سے حالات کا بیان، سر، بال اور دیگر اعضاء انسانی کا قیافہ، عورتوں کے اُمور کا بیان، مختلف زنانہ امراض کا علاج، مردوں اور مردانہ امراض کا بیان بمعہ علاج، طاقت وغیرہ کے متعدد نسخے۔ کشتہ، طلاء اور ادویات کا بیان، زچگی کے مسائل و اُمور کا بیان اور آخر میں دوبارہ امراض کا علاج خاص نسخہ جات سے اور موضوع کے حوالے سے متعدد امورات کا بیان اس کتاب کا حصہ ہے۔ حوالہ نمبر: 224 قیمت: 690

پڑھیں۔ اللھم یا مفتح فتحا ویا مسبب سببا ویا مفرج فرجا ویا مسھل سھلا ویا میسر یسرا ویا مدبر ویا متم تمم بالخیر۔ 40 دن اس طرح پڑھنے کے بعد عمر بھر سورۂ مزمل صرف ایک مرتبہ تلاوت کرتے رہیں۔ انشاءاللہ غیب سے مدد ہوتی رہے گی۔ مندرجہ ذیل نقش کو گلے میں ڈال لیں۔ قرآن حکیم میں سورۃ مزمل کے سامنے رکھ کر زیر زبر میں اگر کوئی غلطی ہوگئی ہو تو قارئین تصحیح فرمالیں اور صحیح تلفظ کے ساتھ اس عمل کو جاری رکھیں۔ انشاءاللہ بے شمار فائدے حاصل ہوں گے اور غیب سے زبردست مدد ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۲	۱۱۵	۱۱۸	۱۰۵
۱۱۷	۱۰۶	۱۱۱	۱۱۶
۱۰۷	۱۲۰	۱۱۳	۱۱۰
۱۱۴	۱۰۹	۱۰۸	۱۱۹

چشم خلائق میں مقبول ہونے کے لئے۔

جو شخص یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے اور جہاں بھی جائے لوگ اس کی عزت و تکریم کرنے پر مجبور ہوں تو ہر روز نماز فجر کے بعد تین مرتبہ سورۃ مزمل کی یہ آیت پڑھنے کا معمول بنالیں ان ربک یعلم انک تقوم ادنی من ثلثی اللیل ونصفه وثلثه وطائفه من الذین معک واللہ یقدر اللیل والنھار اول وآخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاءاللہ کچھ ہی دنوں کے بعد جہاں بھی جائے عزت ہوگی اور لوگ حسن اخلاق کا مظاہرہ کرنے پر مجبور رہیں گے۔

غربت سے نجات کے لئے۔

اگر نماز مغرب کے بعد کوئی شخص اس آیت کو ۲۱ مرتبہ پڑھنے کی عادت بنالے تو اس کو غربت و افلاس سے نجات مل جائے گی۔ آیت یہ ہے: رب المشرق والمغرب لاالہ الاھو فاتخذہ وکیلا اول وآخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

نامردی کا علاج۔

بعض لوگوں میں قوت باہ کی کمی ہوتی ہے اس کمی کو دور کرنے کے لیے نماز عشاء کے بعد سورۃ مزمل کی یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پڑھیں: ان لک فی النھار سبحا طویلا اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھیں۔ انشاءاللہ قوت باہ کی کمی دور ہو جائے گی اور مردانگی بحال ہوگی۔

دشمن کو پریشان کرنے کے لئے۔

اگر کسی شخص کا کوئی جانی دشمن ہو اور ہر وقت وہ درپے آزار رہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اپنے دشمن کو پریشان کرنے کے لئے یہ عمل کریں، گیندے کے ساتھ پھول لائے اور سنیچر کے دن ان پھولوں کو لے کر قبرستان جائے اور ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھے: فکیف تتقون ان کفرتم یوما یجعل الولدان شیبا السمآء منفظر به کان وعده مفعولا پڑھنے کے بعد ساتوں پھولوں پر دم کردے پھر ان میں سے ۳ پھول دشمن کے مکان کے مشرق کی طرف اور ۳ پھول دشمن کے مکان کی جنوب کی طرف ڈال دیں اور ایک پھول لا کر اپنے گھر میں رکھ لے۔ انشاءاللہ دشمن پریشان اور تباہ ہو جائے گا۔

اگر مذکورہ آیت پڑھنے کے ساتھ ساتھ ایک مرتبہ یہ بھی پڑھ کر دم کرے تو مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ملے گی: لا الہ اللہ محمد رسول اللہ قھار جبار والسلطان المرتضی ستار۔

وسعت رزق کے لئے۔

رزق حلال میں اضافے کے لئے یہ عمل کرے، یہ عمل بزرگوں کا آزمودہ عمل ہے اور اس عمل سے رزق حلال میں زبردست اضافہ ہوتا ہے اور خوب خیر و برکت ہوتی ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھے پھر ایک مرتبہ مزید درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔ اس کے بعد ۲۵ مرتبہ حسبنا اللہ ونعمل الوکیل پڑھے پھر ۲۵ مرتبہ یہ پڑھے حسبنی اللہ لا الہ الا ھو علیه توکلت وھو رب العرش العظیم انشاءاللہ رزق میں زبردست اضافہ ہوگا۔

قرض کی ادائیگی کے لئے۔

اگر کوئی شخص مقروض ہو اور قرض کی ادائیگی کی کوئی سبیل نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ سورۃ مزمل کی تلاوت روزانہ ۴۰ مرتبہ پڑھے اور اول و آخر ۴۰ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک کرے۔ انشاءاللہ قرض سے نجات مل جائے گی اور غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

سوکنوں کی لڑائی کے لئے۔

اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں اور دونوں میں اس قدر لڑتی ہوں کے مرد کے ناک میں دم ہو گیا ہو تو ان دونوں کی لڑائی کو ختم کرنے کے لئے

ایک کاغذ پر سورۃ مزمل گلاب و زعفران سے لکھے، پھر اس کو صاف پانی میں گھول دے۔ ۲۴ گھنٹے اس کاغذ کو پانی میں پڑا رہنے دے، پھر اس پانی میں تھوڑی سی شکر ملا دے اور مکئی کا آٹا اس پانی سے گوندھے اور روٹی پکا کر دونوں بیویوں کو کھلا دے۔ اس عمل کو ایک مہینے میں ۴ جمعراتوں کو کرے۔ انشاء اللہ دونوں کی لڑائی ختم ہو جائے گی اور دونوں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گی۔

جلد شادی کے لئے۔

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو ہر فرض نماز کے بعد ۳ مرتبہ سورۃ مزمل کی تلاوت کرے اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ بہت جلد شادی طے ہو جائے گی، عمل کو لگاتار ۴۰ دن کرنے کے بعد اللہ کی رحمت کا انتظار کرے۔

بدقسمتی دور کرنے کے لئے۔

اگر کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ وہ بدنصیب ہے اور اس کی قسمت پر تالے پڑے ہوئے ہیں، اس کے کام نہ بنتے ہوں اور اس کو ہر جگہ ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو اس کو چاہیے کہ ہر روز نماز عشاء کے بعد سورۃ مزمل کی یہ آیت سو مرتبہ پڑھے **وذرنی ولمکذبین اولی النعمة ومهلهم قليلا** اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھے اور اس آیت کا نقش ہرے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ ۴۰ دن کے اندر اندر اس کو یہ محسوس ہوگا کہ اس کی بگڑی بن رہی ہے اور اس کی مشکلات آسانیوں میں بدل رہی ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۱	۵۹۴	۵۹۷	۵۸۳
۵۹۶	۵۸۴	۵۹۰	۵۹۵
۵۸۵	۵۹۹	۵۹۲	۵۸۹
۵۹۳	۵۸۸	۵۸۶	۵۹۸

مصائب سے نجات کے لئے۔

اگر کوئی شخص مصائب کا شکار ہو تو ان سے نجات حاصل کرنے کے قارون کے ایک کاغذ پر فرعون لکھے اور ایک کاغذ پر ابلیس لکھے۔ الگ الگ کاغذوں پر لکھے اس کے بعد تقریباً ۳ بوتل پانی لے کر چولہے پر رکھ دے اور تینوں کاغذ پانی میں ڈال دے اور جس وقت یہ پانی پک رہا ہو اس وقت سورۃ مزمل کی یہ آیت **انا ارسلنا الیکم رسولا شاهدا علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا** ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر دے۔ اس کے بعد وہ پانی جنگل میں کسی درخت کی جڑ میں ڈال دے اور کاغذ بھی وہیں دبا دے پھر اس آیت کا نقش اپنے گلے میں ڈالے، اس کو کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کرے۔ انشاء اللہ مصائب سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷۸	۵۸۱	۵۸۵	۵۷۱
۵۸۴	۵۷۲	۵۷۷	۵۸۲
۵۷۳	۵۸۷	۵۷۹	۵۷۶
۵۸۰	۵۷۵	۵۷۴	۵۸۶

اگر اس عمل کو منگل کے دن کریں گے تو جلد نتائج سامنے آئیں گے، منگل کے دن پہلی ساعت میں یہ نقش لکھیں اور زوال کے وقت پانی درخت کی جڑ میں چھڑکیں۔

دشمن کی ہلاکت کے لئے۔

ظالم دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے ہر روز عشاء کی سنت اور فرض کے درمیان گیارہ مرتبہ اس طرح عمل کرے جب سورۃ مزمل پڑھتے پڑھتے آیت مبارکہ **اشدو طاپر** پہنچے تو ۱۰ مرتبہ یہ کہے کہ **الٰھی فلاں ابن فلاں رادافع شود** پھر جب **واصبر علی مایقولون** پر پہنچے تو ۱۰ مرتبہ یا **الٰھی فلاں بن فلاں رابستہ گردان ودل اوبسوئے من گردان** پھر جب **واللہ**

جذبات میں توازن

کیا آپ محسوس کرتے ہیں آپ کے جذبات میں بے توازنی اور بے قابو پن کا اثر رہتا ہے اور اس میں کسی نہ کسی درجے کی شدت پیدا ہو جاتی ہے تو پھر ایک ایسا موتی جو وزن میں سات کیرٹ کے وزن کا حامل ہو مفید ثابت ہوگا۔ ہاں اگر جیب اجازت دیتی ہو تو زیادہ وزن کا موتی استعمال کریں تاکہ اس کی معدنیاتی اور جواہراتی شعاعیں زیادہ طاقت ور اور موثر انداز میں فرد پر اپنے اثرات ظاہر کر سکیں۔ عام نفسیاتی اور جذباتی امور کے حل کے لیے بھی یہ لاجواب اور موثر ترین جواہر ہے۔ عملی تجربہ ہی آپ کو اس کے اثرات سے حقیقی معنی میں متعارف کروا سکتا ہے۔

یقدر اللیل والنھار پر پہنچے تو ۱۰ مرتبہ یہ کہے کہ فلاں بن فلاں پرا گندہ شود۔ اس کے بعد جب آیت مبارکہ انا للہ غفور رحیم پر پہنچے تو کہے فلاں بن فلاں راہلاک گرداں بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ انشاء اللہ اس عمل کی وجہ سے دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا لیکن اس طرح کے عمل بہت ہی ناگزیر حالات میں کرنے چاہئیں۔ خوامخواہ کسی کو پریشان کرنے سے اپنی دنیا و آخرت دونوں برباد ہو سکتی ہیں۔

امتحان میں کامیابی کے لئے۔

اگر کوئی طالب علم یہ چاہتا ہو کہ وہ امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے پاس ہو تو اس کو چاہیے کہ ۳ مرتبہ سورۃ مزمل کی تلاوت اور اول و آخر ۳/۳ مرتبہ درود شریف پڑھے اور امتحان میں کامیابی کے لئے دعا کرے۔ انشاء اللہ امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے پاس ہو جائے گا۔

رنج و غم سے نجات کے لئے۔

اگر کوئی شخص کسی رنج و غم میں مبتلا ہو اور کسی بھی طرح صبر و قرار نہ آ رہا ہو تو اس کو چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد ۵ مرتبہ سورۃ مزمل کی تلاوت کرے، اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے، اس کے بعد سجدے میں جا کر ۱۰۰ مرتبہ یا اللہ یا رحمن یا حی یا قیوم پڑھے۔ انشاء اللہ دل کو سکون ملے گا اور صبر آئے گا۔

حاسدوں کے حسد سے بچاؤ کے لئے۔

اگر کوئی شخص حاسدوں کے حسد سے پریشان ہوں اور ان کی ہائے ہائے سے کاموں کے اندر رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہوں تو اس کو چاہیے کہ نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۃ مزمل ایک بار پڑھے، اول و آخر ے مرتبہ درود شریف پڑھے اور حاسدوں کے حسد سے بچنے کی دعا کرے۔ اس عمل کو ۲۱ روز تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ حاسدوں کے حسد سے نجات مل جائے گی۔

سفر میں حفاظت۔

اگر کوئی شخص دور دراز کے سفر کے لئے روانہ ہو رہا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ دوران سفر اس کو کسی طرح کی کوئی پریشانی نہ ہو وہ مصائب و نا کامیوں سے اور حادثات سے محفوظ رہے تو سفر پر روانہ ہونے سے پہلے ۲ رکعت نفل پڑھ کر ۲۱ مرتبہ سورۃ مزمل کی تلاوت کرے اور اول و آخیر ۴۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ وہ دوران سفر ہر طرح کی مصیبت اور آفت سے محفوظ رہے گا اور نا کامی کا دکھ بھی اس کے قریب نہیں پھٹکے گا۔

جن کے اثرات سے نجات کے لئے۔

اگر کسی شخص پر جن کا اثر ہو تو سورۃ مزمل کی یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کر دیں اور اس آیت کا نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ جن کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔ آیت یہ ہے: انا ارسلنا الیکم رسولا شاھدا علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۰۲	۶۰۵	۶۰۹	۵۹۵
۶۰۸	۵۹۶	۶۰۱	۶۰۶
۵۹۷	۶۱۱	۶۰۳	۶۰۰
۶۰۴	۵۹۹	۵۹۸	۶۱۰

دشمن کی زبان بندی کے لئے۔

اگر کوئی شخص دشمن کی زبان درازی سے پریشان ہو گیا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ دشمن کی زبان بند ہو جائے تو منگل کے دن نماز جمعہ کے بعد یا پیر کا دن گذار کر عشاء کی نماز کے بعد ۷ مرتبہ سورۃ مزمل کی تلاوت کرے اور دشمن کی قیام گاہ کا تصور کر کے پھونک مار دے اور یہ تصور کرے کہ دشمن کی زبان بند ہو گئی ہے۔ انشاء اللہ دشمن اس کے خلاف بولنے پر قادر نہیں ہو سکے گا۔

لوح آیت الکرسی / ردسحر و تحفظ

لوحِ آیت الکرسی / ردسحر و تحفظ، جادو، سحر، کالے علم، ڈھایہ، ہانڈی، آسیب، اثر، حاضرات، جنات، ہمزاد، سایہ، پریوں اور دیگر مرئی و غیر مرئی مخلوقات، عملیاتی اور سحری اعمال سے تحفظ اور ان کے خاتمے کے لیے ہر درجہ موثر ہے۔ لوحِ آیت الکرسی / ردسحر و تحفظ فرد ذاتی استعمال اور افراد خانہ کے لیے الگ الگ استعمال کے لیے بھی طلب کر سکتا ہے۔ جو فرد اپنے گھر کو ان خرابیوں اور اثرات سے محفوظ رکھنا چاہیں وہ بھی اس کو گھر میں رکھ کر لوحِ آیت الکرسی / ردسحر و تحفظ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کسی بھی قسم کے بداثرات اور اعمال سے محفوظ رہنے کے لیے لوحِ آیت الکرسی / ردسحر و تحفظ کا استعمال مطابق حد درجہ موثر ہے۔ کالا جادو ہو یا کالے جادو سے آپ متاثر ہوں لوحِ آیت الکرسی / ردسحر و تحفظ آپ کو کالے جادو سے نجات دی گئی، کسی بھی قسم کا کالا جادو ہو اس سے تحفظ اور کالے جادو کے اثرات کا خاتمہ ہوتا ہے۔

کسی بھی افسر کو مہربان کرنے کے لئے۔

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ حاکم وافسر اس پر مہربان ہو جائے تو سورۃ مزمل کی تلاوت ۳ مرتبہ کر کے اول و آخر ۳/۳ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور پھر اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرے پر مل لے، اس کے بعد افسر سے ملاقات کے لئے جائے۔ انشاء اللہ افسر اس پر مہربان رہے گا اور اس کی بات ماننے پر مجبور ہوگا۔

پاگل پن کا علاج۔

اگر کسی شخص کا دماغ خراب ہو گیا ہو اور وہ بہکی بہکی باتیں کرتا ہو یا پاگل پن کی وجہ سے گم صم رہتا ہو تو اس کا علاج اس طرح کریں کہ ۴۱ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر (اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف کے ساتھ) پانی پر دم کر کے اس شخص کو دن میں تین چار مرتبہ پلائیں اور اس پانی کی چھینٹیں اس کے چہرے پر بھی ماریں۔ انشاء اللہ پاگل پن سے نجات مل جائے گی اور دماغ ٹھکانے آجائے گا۔

مراد پوری ہونے کے لئے۔

اگر کسی شخص کی کوئی خاص مراد ہو جو پوری نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہیے کہ مغرب کی نماز کے بعد ۷ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ اول و آخر ۷ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سجدے میں جا کر دعا کرے۔ انشاء اللہ ۷ دن کے اندر اندر مراد پوری ہو جائے گی، اس عمل کو ۷ دن تک جاری رکھنا چاہئے۔

کامیابی اور فتوحات کے لئے۔

کسی بھی مقابلہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے یا فتوحات حاصل کرنے کے لئے یا امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے کامیابی حاصل کرنے کے لئے یہ عمل کریں۔ نماز فجر کے بعد مکمل تنہائی میں ۱۱ مرتبہ سورۃ مزمل کی تلاوت کریں۔ اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

"یاقاضی الحاجات یا کافی المهمات یا رافع الدرجات یا دافع البلیات یافاتح الا بواب یا شافی الامراض یاحل المشکلات یا مسبب الا سباب یا مجیب الدعوات یا اکرام الا کرمین یا ارحم الرحمین"

قید سے رہائی کے لئے۔

اگر کوئی شخص ناحق گرفتار ہو اور اس کی ضمانت نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہیے کہ پیشی سے ۷ دن پہلے یہ عمل کرے، ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور ہر بار سورۂ مزمل کی تلاوت کے اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے دونوں ہاتھ اپنے چہرے پر مل لے اور اپنی رہائی کی دعا کرے۔ انشاء اللہ رہائی نصیب ہوگی۔

بچے کا رونا اور ضد کرنا۔

اگر کوئی بچہ حد سے زیادہ روتا ہو یا حد سے زیادہ ضد کرتا ہو تو اس آیت کو ایک بار پڑھ کر بچے پر دم کر کے اس آیت کا نقش بچے کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ بچہ رونے سے اور ضد کرنے سے باز آجائے گا۔ آیت یہ ہے: وما تقدمو الانفسکم من خیر تجدوہ عند اللہ ھو خیرا و اعظم اجرا واستغفر و اللہ ان اللہ غفور رحیم۔

اس نقش کو کالی روشنائی سے لکھ کر کالے کپڑے میں پیک کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں۔ ڈوری بھی کالی ہی ہو تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۹۹۷	۲۰۰۰	۲۰۰۴	۱۹۹۰
۲۰۰۳	۱۹۹۱	۱۹۹۶	۲۰۰۱
۱۹۹۲	۲۰۰۶	۱۹۹۸	۱۹۹۵
۱۹۹۹	۱۹۹۴	۱۹۹۳	۲۰۰۵

اگر اس نقش کے گلے میں ڈالنے کے بعد رونا اور ضد کرنا نہ چھوڑے تو یہ نقش روزانہ ایک پانی میں گھول کر لگاتار ۲۱ دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ بچہ بالکل ٹھیک ہو جائے گا اور رونا اور ضد کرنا چھوڑ دے گا۔

۷۸۶

۲۶۶۵	۲۶۵۹	۲۶۶۷
۲۶۶۶	۲۶۶۴	۲۶۶۱
۲۶۶۰	۲۶۶۸	۲۶۶۳

☆☆☆☆

آخری قسط

حب کے سربستہ راز

تحریر: صوفی اقبال احمد

ایک اور سربستہ راز

سورہ یٰسین شریف کا بہت بڑا عمل حاضر ہے۔ یہ سورت ایسی مبارک ہے کہ جس کام کیلئے پڑھی جاتی ہے۔ اسی میں کامیابی ہوتی ہے۔ اگر صاحب اولاد نہ ہو اور اسے ۷ روز تک ہر روز ۳ بار شکر پر دم کر کے کھلاوے تو عورت حاملہ ہووے۔ اگر کوئی شخص بیمار ہو اور پانی پر دم کر کے پلاوے تو اللہ تعالیٰ اسے شفا بخشے اور اگر جان کسی کی تکلیف میں ہو اور اسے سنادے۔ تو تکلیف دفع ہو اور وہ شخص کا آرام سے انتقال کرے گا۔ اگر تسخیر خالق اور حب خالق کیلئے پڑھے تو خلقت میں عزیز ہو۔ اگر مال کم ہو جاوے۔ تو پانی کا بھرا ہوا کٹورہ بلکہ کورہ لوٹا لیں اور ایک ایک نام لوٹے کی اندر ڈالتے جاویں۔ اور سورہ یٰسین پڑھتے جاویں۔ پس جب چور کا نام ڈالا جائے گا۔ تو لوٹہ خود بخود گھوم جائے گا۔ اگر کسی عورت کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو تو یہ نیت حیات شکر پر مرتبہ دم کر کے بچہ کو کھلاوے تو خدا کے فضل سے بچہ زندہ رہے۔ اب اس کی زکوٰۃ اور عمل کا نہایت آسان طریق یہ ہے۔ عروج ماہ سے شروع کرے ۴۰ دن تک پڑھے۔ ہر روز ۱۱ مرتبہ پڑھے۔ پس بعد عمل اگر ہر روز بعد از نماز پنجگانہ اگر ایک ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف کو ایک ایک دانا فلفل پر پڑھ کر دم کرے اور آگ میں جلا دیا کرے تو ۴۰ روز نہیں گزرنے پائیں گے کہ مطلوب حاضر ہو جائے گا۔ اور ۷ لوہے کے کیل جو ایک ایک انگلی کے برابر لمبے ہوں۔ لے کر ہر ایک پر ۷، ۷ بار سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کرے اور چولہے میں گاڑ دے تو جب اس میں آگ پھیلے گی اور وہ گرم ہوں گی تو مطلوب بے اختیار ہو جائے گا اور اگر گیارہ مرتبہ درود شریف اول اور گیارہ مرتبہ آخر پڑھے اور درمیان میں ۷ مرتبہ سورہ شریف پڑھ کر کسی مٹھائی پر دم کرے اور مطلوب کو کھلاوے تو وہ اس کے عشق میں بہتر ہو جائے گا اور اگر اس سے عداوت رکھتا ہو تو عداوت سے باز آئے گا اور الفت کرنے لگے گا۔

دیگر: پیر یا بدھ سے شروع کرے صبح کے وقت ہر روز مطلوب کا تصور کر کے پڑھا کرے۔ ۳ تسبیح دعا کی پڑھے اور گیارہ گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھا کرے۔ دعا یہ ہے۔ لا الہ اس کو الا اللہ مجھے ملا۔ محمد رسول اللہ جلدی ملا۔ ۱۱ روز کے عمل سے مطلب حاصل ہوگا۔

دیگر: دو دو ہزار اگر ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر کسی پھول پر دم کرے تو جو اسے سونگھے گا۔ وہ سنگھانے والی سے محبت کرے گا۔ اور اگر پان پر دم کر کے کھلائے گا تو کھلانے والے سے کھانے والا محبت کرے گا۔

دیگر: اگر آیت محبت کو ہر روز چالیس بار پڑھ کر مٹھائی پر دم کرے اور کسی کو کھلاوے تو چند روز میں وہ تابعدار ہو جاوے۔ آیت محبت یہ ہے۔ بحق ھم لحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ۔

یہ مضمون قدیم کتاب ''حب کے سربستہ راز'' سے لیا گیا ہے۔ جس کے مصنف صوفی اقبال احمد نے اپنے تجرباتی اعمال عوام الناس کے لیے عام کیے ہیں۔

دیگر: اگر مرغ سفید کے انڈہ پر یہ نقش لکھ کر نرم آگ میں دبا دے تو ۷ روز کی محنت سے مطلب حاصل ہو۔ مرغ سفید کا انڈہ ہونا ضروری ہے۔ نقش معظم یہ ہے۔

ص ۱۲ ۱۱ ۱۳ عصر عو

فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان الساعة الساعة الساعة الوھا الوھا الوھا العجل العجل العجل

دیگر: منگل کے روز باوضو ہو کر جو کی روٹی پکاوے اور اس کے 8 ٹکڑے ایک برابر کرے اور ہر ایک ٹکڑے پر یہ آٹھواں اشکال لکھ کر کتے یا کتیا کو لکھ کر کھلاوے۔ اگر مرد کیلئے عمل ہے تو کتے کو کھلاوے۔ ورنہ کتیا کو اور یہ عمل 7 منگل تک کرے۔ اشکال ٹکڑوں پر لکھنے کی درج ذیل ہیں۔

نزلہ وزکام

حکیم حافظ سلمان محمود انصاری

نزلہ عربی وعبرانی زبان کا لفظ ہے جس کے عام اردو زبان میں معنی گرنا کے ہیں۔

ماہیت:

ایک ایسا متعدی مرض جو بعض دفعہ وباء کی صورت بھی اختیار کر لیتا ہے۔ جس کی رطوبت کا اثر حلق، آنکھوں، پھیپھڑوں، دانتوں اور بالوں پر زیادہ ہوتا ہے۔

زکام:

عربی وعبرانی زبان کا لفظ ہے جس کے عام اردو زبان میں معنی بہنے کے ہیں۔

ماہیت:

ایک مرض جس میں رطوبت ناک کے ذریعے بہہ کر باہر آتی ہے اور بعض اوقات گلے میں اور ناک کی جھلی میں خراش پیدا کرتی ہے۔ عام طبی زبان اور اصطلاح میں نزلہ وزکام کو اکٹھا لکھا و پڑھا جاتا ہے۔ کیونکہ ان دونوں امراض کا تعلق دماغ، ناک، کان اور گلے سے ہے۔ نزلہ اور زکام عموماً اکٹھے ہی ہوتے ہیں کئی مرتبہ الگ الگ بھی ظاہر ہو جایا کرتے ہیں۔

نزلہ:

جیسا کہ اس کے معنی سے مراد گرنا ہے تو یہ ایک بلغمی رطوبات میں سے غیر طبعی صورت میں مرض کی ایک علامت کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔ اس میں دماغ سے غیر طبعی بلغم کو قوت مدافعت جسم سے خارج کرنے کے لیے دھکیلتی ہے جس کے نتیجہ میں ناک کے ذریعے یہ فاسد رطوبات بلغمی خارج ہوتی ہیں اس کی مختلف صورتیں ہیں اور مادہ کے لحاظ سے بہت سے اقسام ہیں۔ بلغمی رطوبات طبعی حالت میں یہ رطوبت دماغ کی غذا ہوتی ہیں۔ بلغم کا گھر یا عضو رئیس دماغ اور اس کے خانے ہیں۔ یہ رطوبت عام طور پر حالت طبعی میں ایک خاص مقدار میں دماغ یعنی کھوپڑی کے خلائی خانوں میں جمع رہیت ہے اور دماغ کی غذا میں صرف ہوتی رہتی ہے اور اس کے افعال وفعل میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ لیکن کسی بھی صورت میں اس میں بگاڑ پیدا ہو جائے تو اپنی اصلی حالت سے ہٹ جانے پر جس کو غیر طبعی حالت کہتے ہیں اور قوت مدافعت اس کو دفع کرنے کے لیے دماغ سے دھکیلتی ہے تو یہ نزلہ کی صورت میں جو دماغ سے نیچے کی جانب متعلقہ اعضائے مرکب یعنی ناک، کان، گلہ کسی طرف بہہ کر ان قدرتی دانتوں کے ذریعے جسم سے خارج ہوتی ہے۔ ان میں سے جو رطوبت ناک کے ذریعے خارج ہوتی ہے اس کو عام طبی زبان میں نزلہ یعنی گرنے والی رطوبت یا مواد کو نزلہ کہتے ہیں۔ نزلہ کی بلغمی رطوبت کی غیر طبعی حالتوں کی بالحاظ ذائقہ اور بالحاظ قوام بہت اقسام ہیں اور ان کی بحث بہت لمبی ہے۔ آپ اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کے دنیا میں آج تک جدید میڈیکل سائنس میں اس کا کوئی حل نکالنے سے قاصر نظر آتی ہے۔ جب کے اس کے برعکس طب یونانی میں اس مرض کا قدرتی جڑی بوٹیوں سے علاج ایلو پیتھک سے حد درجہ بہتر اور موثر ثابت ہوا ہے اور کئی سینیئر ڈاکٹر حضرات بھی اس کے لیے جو شاندے اور دیسی ٹوٹکے بتاتے نظر آتے ہیں۔ جدید میڈیکل سائنس اس مرض کو یعنی وائرس انفکشن قرار دیتی ہے۔

اسباب:

اس مرض کے بہت سے اسباب ہیں ان سے چند یہاں درج کر رہے ہیں۔ بلغم میں کسی اور خلط یا بگڑی ہوئی خلط کا کچھ حصہ شامل ہو کر اسے اپنی طبعی حالت سے ہٹا دے تو یہ غیر طبعی حالتِ بیماری کہلاتی ہے۔ اس میں کیفیاتی لحاظ سے زیادہ سردی و زیادہ گرمی سری اور خشکی کے عنصر شامل ہیں۔ زیادہ گرم جگہ سے زیادہ سردی کی جگہ میں فوراً منتقل ہونے کی وجہ بھی اس کا ایک سبب ہے۔ اسی طرح بدلتے موسمی اثرات وغیرہ بھی شامل ہیں۔ خاص طور پر بہار اور برسات کے بعد سردیوں کے شروع میں زیادہ لوگوں کو نزلہ ہونے کے امکانات ہوتے ہیں۔ اس میں ایک بڑی وجہ بدلتی موسمی ہوائی اثرات سب سے زیادہ عمل دخل رکھتے ہیں۔ ان اسباب کے علاوہ دنیا کے زیادہ تر ممالک میں پیدائشی بلغمی مزاج ہونے والے افراد کی وجہ سے بھی باقی امراض جسم انسانی کے نزلہ وزکام زیادہ ہوتے ہیں۔ قوت مدافعت کی کمزوری اور جو کہ کمزور اشخاص یہ کسی اور بیماری میں مبتلا افراد مثلاً، بخار، جوڑوں کے درد، پھیپھڑوں وغیرہ اور خونی امراض کے لوگوں کو بھی جلد یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے اور اس کی ایک بڑی وجہ یہ بیماری کی رطوبات ایک انسان سے دوسرے انسان میں

منتقل ہونا بھی ہے۔ سانس اور ہاتھوں منہ کے ذریعے وغیرہ۔

علامات:

سر میں بھاری پن، درد سر، سر میں پانی کی طرح ہلتا محسوس ہونا، ناک میں خراش، جسم میں درد، ناک کے ذریعے سانس لینے میں دشواری وغیرہ ہونا۔ گلے میں خراش اور درد وغیرہ، منہ کا ذائقہ بدل جانا، کان کا بند محسوس ہونا، ابتداء میں چھینکوں کا زیادہ آنا، جسم کا گرم یا زیادہ سرد محسوس ہونا، بخار، سردی لگنا، کپکپی لگنا وغیرہ شامل ہیں۔

اُصول علاج:

طبی اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے علاج کریں۔
نضج، منضج، تنقیہ خلط کریں۔ مسل دیں۔

(1) علاج بالتدبیر۔
(2) علاج بالغذاء۔
(3) علاج بالدوا۔

